


# ٱلۡجُمُعَة Al-Jumua

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**It is derived from the sentence *idha nudiya-lis-salati-min-yaumil-Jumuati* of verse 9. Although in this Surah injunctions about the Friday congregational Prayer have also been given, yet *Jumua* is not the title of its subject-matter as a whole, but this name too, like the names of other Surahs, is only a symbolic title.**

## Period of Revelation

**The period of the revelation of the first section (verses 1-8) is A. H. 7, and probably it was revealed, on the occasion of the conquest of Khaiber or soon after it. Bukhari, Muslim,**

Tirmidhi, Nasai and Ibn Jarir have related on the authority of Abu Hurairah that he and other companions were sitting in the Prophet's (peace be upon him) assembly when these verses were revealed. About Abu Hurairah it is confirmed historically that he entered Islam after the truce of Hudaibiyah and before the conquest of Khaiber, and Khaiber was conquered, according to Ibn Hisham, in Muharram, and, according to Ibn Saad, in Jamadi al-Awwal, A.H. 7. Thus presumably Allah might have sent down these verses, addressing the Jews, when their last stronghold had fallen to the Muslims, or these might have been revealed when, seeing the fate of Khaiber, all the Jewish settlements of northern Hijaz had surrendered to the Islamic government.

The second section (verses 9-11) was revealed shortly after the emigration, for the Prophet (peace be upon him) had established the Friday congregational Prayer on the 5th day after his arrival at Madinah. The incident that has been referred to in the last verse of this section must have occurred at a time when the people had not yet received full training in the etiquette of religious congregations.

## Theme and Subject Matter

As we have explained above, the two sections of this Surah were sent down in two different periods. That is why their themes as well as their audiences are different. Although there is a kind of harmony between them on account of which they have been put together in one Surah, yet we should understand their themes separately before we consider the question of their harmony.

**The first section was sent down at a time when all Jewish efforts to obstruct the message of Islam during the past six years had failed. First, in Al-Madinah as many as three of their powerful tribes had done whatever they could to frustrate the mission of the Prophet (peace be upon him), with the result that one of the tribes was completely exterminated and the other two were exiled. Then by intrigue and conspiracy they brought many of the Arab tribes together to advance on Al-Madinah, but in the Battle of the Trench they were all repulsed. After this, Khaiber had become their stronghold, where a large number of the Jews expelled from Al-Madinah had also taken refuge. At the time these verses were revealed, that too was taken without any extraordinary effort, and the Jews at their own request agreed to live there as tenants of the Muslims. After this final defeat the Jewish power in Arabia came to an end. Then, Wadil-Qura, Fadak, Taima, Tabuk, all surrendered one after the other, so much so that all Arabian Jews became subdued to the same Islam which they were not prepared to tolerate before. This was the occasion when Allah Almighty once again addressed them in this Surah, and probably this was the last and final address that was directed to them in the Quran. In this they have been reminded of three things:**

**1. You refused to believe in this Messenger only because he was born among a people whom you contemptuously call the gentiles. You were under the false delusion that the Messenger must necessarily belong to your own community. You seemed to have been convinced that**

anyone who claimed to be a prophet from outside your community must be an impostor, for this office had been reserved for your race, and a messenger could never be raised among the gentiles. But among the same gentiles Allah has raised a Messenger (peace be upon him) who is reciting His Book in front of your very eyes, is purifying souls, and showing the right way to the people whose misdeeds are well known to you. This is Allah's bounty, which He may bestow on anyone He may please. You have no monopoly over it so that He may bestow it on whomever you may please and may withhold it from whomever you may desire it to be withheld.

2. You had been made bearers of the Torah, but you did not understand your responsibility for it nor discharged it as you should have. You are like the donkey which is loaded with books, and which does not know what burden it is bearing. Rather you are worse than the donkey, for the donkey is devoid of sense, but you are intelligent. You not only shirk your responsibility of being bearers of Allah's revelations deliberately. Yet, you are under the delusion that you are Allah's favorites and the blessing of apostleship has been reserved for you alone. More than that, you seem to entertain the notion that whether you fulfill the demands of Allah's message or not, Allah in any case is bound not to make any other than you the bearer of His message.

3. If you really were Allah's favorites and you were sure of having a place of honor and high rank reserved with Him, you would not have feared death so much as to prefer

**a life of disgrace to death. It is only because of this fear of death that you have suffered humiliation after humiliation during the past few years. Your this condition is by itself a proof that you are fully conscious of your misdeeds, and your conscience is aware that if you die with these misdeeds, you will meet with a greater disgrace before Allah in the Hereafter than in this world.**

**This is the subject-matter of the first section. The second section that was sent down many years later, was appended to this Surah because in it Allah has bestowed Friday on the Muslims as against the Sabbath of the Jews, and Allah wanted to warn the Muslims not to treat their Friday as the Jews had treated their Sabbath. This section was sent down on an occasion when a trade caravan arrived in Al-Madinah right at the time of the Friday congregational service and hearing its din and drum the audience, except for 12 men, left the Prophet's (peace be upon him) Mosque and rushed out to the caravan, although the Prophet (peace be upon him) at that time was delivering the sermon. Thereupon it was enjoined that after the call is sounded for the Friday Prayer all trade and business and other occupations become forbidden. The believers should then suspend every kind of transaction and hasten to the remembrance of Allah. However, when the Prayer is over, they have the right to disperse in the land to resume their normal occupations. This section could be made an independent Surah in view of the commandments that it contains about the congregational service on Friday, and could also be included in some other Surah, but, instead, it**

has been included here particularly in the verses in which the Jews have been warned of the causes of their evil end. Its wisdom is the same as we have explained above.

## نام

آیت 9 کے فقرے إِذَا نُودِيَ لِلصَّلوٰةِ مِن يَّوْمِ الْجُمُعَةِ سے ماخوذ ہے۔ اگر چہ اس سورہ میں نماز جمعہ کے احکام بھی بیان کیے گئے ہیں، لیکن ''جمعہ'' بحیثیت مجموعی اس کے مضامین کا عنوان نہیں، بلکہ دوسری سورتوں کے ناموں کی طرح یہ نام بھی علامت ہی کے طور پر ہے۔

## زمانہ نزول

پہلے رکوع کا زمانہ نزول 7 ھ سے ، اور غالباً یہ فتح خیبر کے موقع پر یا اس کے بعد قریبی زمانے میں نازل ہوا ہے۔ بخاری، مسلم، ترمذی، نِسائی اور ابن جریر نے حضرت ابو ہریرہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ ہم حضورؐ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے جب یہ آیات نازل ہوئیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کے متعلق یہ بات تاریخ سے ثابت ہے کہ وہ صلح حدیبیہ کے بعد اور فتح خیبر سے پہلے ایمان لائے تھے۔ اور خیبر کی فتح ابن ہشام کے بقول محرم، اور ابن سعد کے بقول جمادی الاُولیٰ 7 ھ میں ہوئی ہے۔ پس قرینِ قیاس یہ ہے کہ یہودیوں کے اس آخری گڑھ کو فتح کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کو خطاب کرتے ہوئے یہ آیات نازل فرمائی ہوں گی، یا پھر ان کا نزول اس وقت ہوا ہو گا جب خیبر کا انجام دیکھ کر شمالی حجاز کی تمام یہودی بستیاں اسلامی حکومت کی تابع فرمان بن گئی تھیں۔

دوسرا رکوع ہجرت کے بعد قریبی زمانے ہی میں نازل ہوا ہے۔ کیونکہ حضورؐ نے مدینہ طیبہ پہنچتے ہی پانچویں روز جمعہ قائم کر دیا تھا، اور اس رکوع کی آخری آیت میں جس واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ صاف بتا رہا ہے کہ وہ اقامت جمعہ کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد لازماً کسی ایسے زمانے ہی میں پیش آیا ہو گا جب لوگوں کو دینی اجتماعات کے آداب کی پوری تربیت ابھی نہیں ملی تھی۔

## موضوع اور مضامین

جیسا کہ اوپر ہم بیان کر چکے ہیں، اس سورہ کے دو رکوع دو الگ زمانوں میں نازل ہوئے ہیں۔ اسی لیے دونوں

کے موضوع الگ ہیں اور مخاطب بھی الگ۔ اگرچہ ان کے درمیان ایک نوع کی مناسبت ہے جس کی بنا پر انہیں ایک سورہ میں جمع کیا گیا ہے، لیکن مناسبت سمجھنے سے پہلے ہمیں دونوں کے موضوعات کو الگ الگ سمجھ لینا چاہیے۔

پہلا رکوع اس وقت نازل ہوا جب یہودیوں کی وہ تمام کوششیں ناکام ہو چکی تھیں جو اسلام کی دعوت کا راستہ روکنے کے لیے پچھلے چھ سال کے دوران میں انہوں نے کی تھیں۔ پہلے مدینہ میں ان کے تین طاقتور قبیلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نیچا دکھانے کے لیے ایڑی چوٹی تک کا زور لگاتے رہے اور نتیجہ یہ دیکھا کہ ایک قبیلہ پوری طرح تباہ ہو گیا اور دو قبیلوں کو جلا وطن ہونا پڑا۔ پھر وہ سازشیں کر کے عرب کے بہت سے قبائل کو مدینے پر چڑھا لائے، مگر غزوہ احزاب میں ان سب نے منہ کی کھائی۔ اس کے بعد ان کا سب سے بڑا گڑھ خیبر رہ گیا تھا جہاں مدینہ سے نکلے ہوئے یہودیوں کی بھی بڑی تعداد جمع ہو گئی تھی۔ ان آیات کے نزول کے وقت وہ بھی بغیر کسی غیر معمولی زحمت کے فتح ہو گیا، اور یہودیوں نے خود درخواست کر کے وہاں مسلمانوں کے کاشتکاروں کی حیثیت سے رہنا قبول کر لیا۔ اس آخری شکست کے بعد عرب میں یہودی طاقت کا بالکل خاتمہ ہو گیا۔ وادی القریٰ، فدک، تیما، تبوک، سب ایک ایک کر کے ہتھیار ڈالتے چلے گئے، یہاں تک کہ عرب کے تمام یہودی اسی اسلام کی رعایا بن کر رہ گئے جس کے وجود کو برداشت کرنا تو درکنار، جس کا نام سننا تک انہیں گوارا نہ تھا۔ یہ موقع تھا جب اللہ تعالیٰ نے اس سورہ میں ایک مرتبہ پھر ان کو خطاب فرمایا، اور غالباً یہ آخری خطاب تھا جو قرآن مجید میں ان سے کیا گیا۔ اس میں انہیں مخاطب کر کے تین باتیں فرمائی گئی ہیں:

1)۔ تم نے اس رسول کو اس لیے ماننے سے انکار کیا کہ یہ اس قوم میں مبعوث ہوا تھا جسے تم حقارت کے ساتھ "اُمّی" کہتے ہو۔ تمہارا زعم باطل یہ تھا کہ رسول لازماً تمہاری اپنی قوم ہی کا ہونا چاہیے۔ تم یہ فیصلہ کیے بیٹھے تھے کہ تمہاری قوم سے باہر کا جو شخص رسالت کا دعویٰ کرے وہ ضرور جھوٹا ہے، کیونکہ یہ منصب تمہاری نسل کے لیے مختص ہو چکا ہے اور "امیوّں" میں کبھی کوئی رسول نہیں آسکتا۔ لیکن اللہ نے انہی امیوّں میں سے ایک رسول اٹھایا ہے جو تمہاری آنکھوں کے سامنے اس کی کتاب سنا رہا ہے، نفوس کا تزکیہ کر رہا ہے، اور ان لوگوں کو ہدایت دے رہا ہے جن کی گمراہی کا حال تم خود جانتے ہو۔ یہ اللہ کا فضل ہے

جسے چاہے دے۔ اس کے فضل پر تمہارا اجارہ نہیں ہے کہ جسے تم دلوانا چاہو اسی کو وہ دے اور جسے تم محروم رکھنا چاہو اسے وہ محروم رکھے۔

2)۔ تم کو توراۃ کا حامل بنایا گیا تھا، مگر تم نے اس کی ذمہ داری نہ سمجھی، نہ ادا کی۔ تمہارا حال اس گدھے کا سا ہے جس کی پیٹھ پر کتابیں لدی ہوئی ہوں اور اسے کچھ نہیں معلوم کہ وہ کس چیز کا بار اٹھائے ہوئے ہے۔ بلکہ تمہاری حالت گدھے سے بھی بد تر ہے۔ وہ تو سمجھ بوجھ نہیں رکھتا، مگر تم سمجھ بوجھ رکھتے ہو اور پھر کتاب اللہ کے حامل ہونے کی ذمہ داری سے فرار ہی نہیں کرتے، دانستہ اللہ کی آیات کو جھٹلانے سے بھی باز نہیں رہتے۔ اور اس پر زعم کہ تم اللہ کے چہیتے ہو۔ گویا تمہاری رائے یہ ہے کہ خواہ تم اللہ کے پیغام کا حق ادا کرو یا نہ کرو، بہر حال اللہ اس کا پابند ہے کہ وہ اپنے پیغام کا حامل تمہارے سوا کسی کو نہ بنائے۔

3)۔ تم اگر واقعی اللہ کے چہیتے ہوتے اور تمہیں اگر یقین ہوتا کہ اس کے ہاں تمہارے لیے بڑی عزت اور قدر و منزلت کا مقام محفوظ ہے تو تمہیں موت کا ایسا خوف نہ ہوتا کہ ذلت کی زندگی قبول ہے مگر موت کسی طرح قبول نہیں۔ یہی موت کا خوف ہی تو ہے جس کی بدولت پچھلے چند سالوں میں تم شکست پر شکست کھاتے چلے گئے ہو۔ تمہارا ضمیر خوب جانتا ہے کہ ان کرتوتوں کے ساتھ مرو گے تو اللہ کے ہاں اس سے زیادہ ذلیل و خوار ہو گے جتنے دنیا میں ہو رہے ہو۔

یہ ہے پہلے رکوع کا مضمون۔ اس کے بعد دوسرا رکوع، جو کئی سال پہلے نازل ہوا تھا، اس سورہ میں لا کر اس لیے شامل کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کے سبت کے مقابلہ میں مسلمانوں کو جمعہ عطا فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو متنبہ کیا ہے کہ وہ جمعہ کے ساتھ وہ معاملہ نہ کریں جو یہودیوں نے سبت کے ساتھ کیا تھا۔ یہ رکوع اس وقت نازل ہوا تھا جب مدینے میں ایک روز عین نماز جمعہ کے وقت ایک تجارتی قافلہ آیا اور اس کے ڈھول تاشوں کی آواز سن کر 12 آدمیوں کے سوا تمام حاضرین مسجد نبوی سے قافلے کی طرف دوڑ گئے، حالانکہ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اس پر یہ حکم دیا گیا کہ جمعہ کی اذان

ہونے کے بعد ہر قسم کی خرید و فروخت اور ہر دوسری مصروفیت حرام ہے۔ اہل ایمان کا کام یہ ہے کہ اس وقت سب کام چھوڑچھاڑ کر اللہ کے ذکر کی طرف دوڑیں۔ البتہ جب نماز ختم ہو جائے تو انہیں حق ہے کہ اپنے کاروبار چلانے کے لیے زمین میں پھیل جائیں۔ احکام جمعہ کے بارے میں یہ رکوع ایک مستقل سورۃ بھی بنایا جایا سکتا تھا، اور کسی دوسری سورۃ میں بھی شامل کیا جا سکتا تھا۔ لیکن ایسا کرنے کے بجائے خاص طور پر اسے یہاں ان آیات کے ساتھ لا کر ملا گیا جن میں یہودیوں کو ان کے انجام بد کے اسباب پر متنبہ کیا گیا ہے۔ اس کی حکمت ہمارے نزدیک وہی ہے جو اوپر ہم نے بیان کی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ الۡمَلِکِ الۡقُدُّوۡسِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ﴿۱﴾ | تسبیح کرتی ہے اللہ کی ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور ہر چیز جو زمین میں ہے۔ بادشاہ ہے نہایت مقدس زبردست بڑی حکمت والا۔ *1 | 1. Glorifies to Allah whatever is in the heavens and what ever is on the earth, the Sovereign, the Holy, the All Mighty, the All Wise. *1 |

*1 For explanation, sec E.Ns 1, 2 of Surah Al-Hadid, and E.Ns 36, 37, 41 of Surah Al-Hashr. This introduction bears a deep relevance to the theme that follows. In spite of the fact that the Jews of Arabia were witnessing clear signs of Prophethood in the person of the Prophet (peace be upon him) and his high character and works and in spite of the clear good news given by the Prophet Moses (peace be upon him) in the Torah, which only applied to him, they were denying him only because they did not want to acknowledge the prophethood of a person who did not

**belong to their own community and race. They openly proclaimed that they would believe only in that which had come to them, and would not accept any teaching, which came through a non-Israelite prophet, even if it was from God. For this attitude in the following verses they have been reproved. Hence the reason for beginning the discourse with the introductory sentence. First, it says that everything in the universe is glorifying Allah; that is, the entire universe testifies that Allah is free from all those faults and weaknesses because of which the Jews have formed the concept of their racial superiority. He is not related to anyone. He has nothing to do with favoritism. He treats all His creatures with equal justice, mercy and care. No particular race and nation is His favorite so that He may be bound to bless it whatever it may do. And He is not prejudiced against any race or nation so that He may deprive it of His bounties even if it possesses all the good qualities. Then, it says that He is the Sovereign; that is, no worldly power can restrict His authority and powers, as if to say: You, O Jews, are His servants and subjects. It is not for you to decide whom He should appoint His Messenger, and whom He should not, for your guidance. Then, it says that He is Holy; that is, He is far exalted and glorified that His judgments may be mistaken. Human judgments may have mistakes but His decrees are perfect. In the end, two more attributes of Allah have been mentioned. That He is All-Mighty, i.e. none can fight Him and win and that He is All-Wise, i.e. whatever He does, it is always the very demand of wisdom, and His plans and designs are so well-**

planned that none in the world can hinder and frustrate them.

1*تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورہ حدید، حواشی 2،1، الحشر، حواشی 36، 41، 37۔ آگے کے مضمون سے یہ تمہید بڑی گہری مناسبت رکھتی ہے۔ عرب کے یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی ذات و صفات اور کارناموں میں رسالت کی صریح نشانیاں بہ چشم سر دیکھ لینے کے باوجود، اور اس کے باوجود کہ توراۃ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کے آنے کی صریح بشارت دی تھی جو آپ کے سوا کسی اور پر چسپاں نہیں ہوتی تھی، صرف اس بنا پر آپ کا انکار کر رہے تھے کہ اپنی قوم اور نسل سے باہر کے کسی شخص کی رسالت مان لینا انہیں سخت ناگوار تھا۔ وہ صاف کہتے تھے کہ جو کچھ ہمارے ہاں آیا ہے ہم صرف اسی کو مانیں گے۔ دوسرے کسی تعلیم کو، جو کسی غیر اسرائیلی نبی کے ذریعہ سے آئے، خواہ وہ خدا ہی کی طرف سے ہو، تسلیم کرنے کے لیے وہ قطعی تیار نہ تھے۔ آگے کی آیتوں میں اسی رویہ پر انہیں ملامت کی جا رہی ہے، اس لیے کلام کا آغاز اس تمہیدی فقرے سے کیا گیا ہے۔ اس میں پہلی بات یہ فرمائی گئی ہے کہ کائنات کی ہر چیز اللہ کی تسبیح کر رہی ہے۔ یعنی یہ پوری کائنات اس بات پر شاہد ہے کہ اللہ ان تمام نقائص اور کمزوریوں سے پاک ہے جن کی بنا پر یہودیوں نے اپنی نسلی برتری کا تصور قائم کر رکھا ہے۔ وہ کسی کا رشتہ دار نہیں ہے۔ جانب داری (Favouristism) کا اس کے ہاں کوئی کام نہیں۔ اپنی ساری مخلوق کے ساتھ اس کا معاملہ یکساں عدل اور رحمت اور ربوبیت کا ہے۔ کوئی خاص نسل اور قوم اس کی چہیتی نہیں ہے کہ وہ خواہ کچھ کرے، بہر حال اس کی نوازشیں اسی کے لیے مخصوص رہیں، اور کسی دوسری نسل یا قوم سے اس کو عداوت نہیں ہے کہ وہ اپنے اندر خوبیاں بھی رکھتی ہو تو وہ اس کی عنایات سے محروم رہے۔ پھر فرمایا گیا کہ وہ بادشاہ ہے، یعنی دنیا کی کوئی طاقت اس کے اختیارات کو محدود کرنے والی نہیں ہے۔ تم بندے اور رعیت ہو۔ تمہارا یہ منصب کب سے ہو گیا کہ تم یہ طے کرو کہ وہ تمہاری ہدایت کے لیے اپنا پیغمبر کسے بنائے اور کسے نہ بنائے۔ اس کے بعد ارشاد ہوا کہ وہ قدوس ہے۔ یعنی اس سے بدرجہا منزہ اور پاک ہے کہ اس کے فیصلے میں کسی خطا اور غلطی کا امکان ہو۔ غلطی تمہاری سمجھ بوجھ میں ہو سکتی ہے۔ اس کے فیصلے میں نہیں ہو

سکتی۔ آخر میں اللہ تعالیٰ کی دو مزید صفتیں بیان فرمائی گئیں۔ ایک یہ کہ وہ زبردست ہے، یعنی اس سے لڑکر کوئی جیت نہیں سکتا۔ دوسری یہ کہ وہ حکیم ہے، یعنی جو کچھ کرتا ہے وہ عین مقتضائے دانش ہوتا ہے، اور اس کی تدبیریں ایسی محکم ہوتی ہیں کہ دنیا میں کوئی ان کا توڑ نہیں کر سکتا۔

هُوَ الَّذِىۡ بَعَثَ فِى الۡاُمِّيّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ وَ يُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَ الۡحِكۡمَةَ وَاِنۡ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ لَفِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍۙ ﴿۲﴾

وہ ہی ہے جس نے اٹھایا امیوں میں *2 ایک رسول انہی میں سے جو پڑھتا ہے انکے سامنے اسکی آیتیں اور پاک کرتا ہے انکو اور تعلیم دیتا ہے انہیں کتاب اور حکمت کی *3 اور اگرچہ وہ تھے اس سے پہلے یقینی طور پر ایک کھلی گمراہی میں *4۔

2. He it is who has raised among the unlettered ones *2 a Messenger from among themselves, reciting to them His verses, and purifying them, and teaching them the Book and wisdom, *3 whereas they were before this indeed in manifest error. *4

*2 Here the word *ummi* (gentile) has been used as a Jewish term and there is a subtlety in it. The verse means: The All-Mighty and All-Wise Allah has raised a Messenger (peace be upon him) among the Arabs whom the Jews contemptuously consider the gentiles and much below themselves, The Messenger (peace be upon him) has not risen of his own wish and will, but has been raised by Him Who is the Sovereign of the universe, Who is All-Mighty and All-Wise, Whose power can be resisted and opposed only to one’s own loss and peril.

One should know that the word *ummi* has occurred in the

**Quran at several places but in different meanings at different places. At one place it has been used for the people who do not possess any revealed scripture, which they may he following, as in Surah Aal-Imran, Ayat 20, where it has been said: Ask those who possess the Book and those who do not possess (*ummis*); Have you accepted Islam. Here, the *ummis* imply the Arab polytheists, and they have been regarded as a separate class from the followers of the Book, i.e. the Jews and the Christians. At another place, it has been used for the illiterate people among the Jews and Christians, who are ignorant of the Book of Allah, as in Surah Al-Baqarah, Ayat 78: Among the Jews there are some illiterate people (*ummis*) who have no knowledge of the Book but are guided by mere conjecture and guess-work. At still another place, this word has been used purely as a Jewish term, which implies all the non-Jewish people, as in Surah Aal-Imran, Ayat 75 (The actual cause of this dishonesty of theirs is that they say): We are not to be called to account for out behavior towards the non-Jews (*ummis*). This third meaning of *ummi* is implied in the verse under discussion. It is a synonym of the Hebrew word goyim, which has been translated gentiles in the English Bible and implies all the non-Jewish or the non-Israelite people of the world.**

**But the real significance of this Jewish term cannot be understood only by this explanation of it. The Hebrew word goyim originally was used only in the meaning of a nation, but gradually the Jews reserved it first for the nation other then themselves, then they gave it the special meaning that**

**all the nations other than the Jews were un-civilized, irreligious, unclean and contemptible; so much so that in its connotations of hatred and contempt this word even surpassed the Greek term barbarian which they used for all the non-Greeks. In rabbinical literature, goyim are such contemptible people, who cannot be considered human, who cannot be made companions in a journey, who cannot be saved even if one of them is drowning. The Jews believed that the Messiah of the future would destroy all the goyim and burn them to annihilation (For further explanation, see E.N. 64 of Surah Aal-Imran).**

2*یہاں اُمیّ کا لفظ یہودی اصطلاح کے طور پر آیا ہے ، اور اس میں ایک لطیف طنز پوشیدہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جن کو یہودی حقارت کے ساتھ اُمیّ کہتے اور اپنے مقابلہ میں ذلیل سمجھتے ہیں، انہیں میں اللہ غالب و دانا نے ایک رسول اٹھایا ہے۔ وہ خود نہیں اٹھ کھڑا ہوا ہے بلکہ اس کا اٹھانے والا وہ ہے جو کائنات کا بادشاہ ہے ، زبردست اور حکیم ہے ، جس کی قوت سے لڑ کر یہ لوگ اپنا ہی کچھ بگاڑیں گے ، اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

معلوم ہونا چاہیے کہ قرآن مجید میں ’’ اُمیّ ‘‘ کا لفظ متعدد مقامات پر آیا ہے اور سب جگہ اس کے معنی ایک ہی نہیں ہیں بلکہ مختلف مواقع پر وہ مختلف معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ کہیں وہ اہل کتاب کے مقابلہ میں ان لوگوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے جن کے پاس کوئی آسمانی کتاب نہیں ہے جس کی پیروی وہ کرتے ہوں۔ مثلاً فرمایا : قَلُ لِلَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ وَ الۡاُمِّیّٖنَ ءَ اَسۡلَمۡتُمۡ (آل عمران۔ 20)۔ ’’ اہل کتاب اور امیوں سے پوچھو کیا تم نے اسلام قبول کیا؟‘‘ یہاں امیوں سے مراد مشرکین عرب ہیں ، اور ان کو اہل کتاب ، یعنی یہود و نصاریٰ سے الگ ایک گروہ قرار دیا گیا ہے۔ کسی جگہ یہ لفظ خود اہل کتاب کے اَن پڑھ اور کتاب اللہ سے نا واقف لوگوں کے لیے استعمال ہوا ہے۔ جیسے فرمایا : وَمِنۡهُمۡ اُمِّیُّوۡنَ الۡکِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِیَّ (البقرہ۔

78)۔ ''اِن یہودیوں میں کچھ لوگ اُمّی ہیں، کتاب کا کوئی علم نہیں رکھتے، بس اپنی آرزوؤں ہی کو جانتے ہیں ''۔ اور کسی جگہ یہ لفظ خالص یہودی اصطلاح کے طور پر استعمال ہوا ہے جس سے مراد دنیا کے تمام غیر یہودی ہیں۔ مثلاً فرمایا: ذٰلِکَ بِاَنَّھُمۡ قَالُوۡا لَیۡسَ عَلَیۡنَا فِی الۡاُمِّیّٖنَ سَبِیۡلٌ (آل عمران۔ 75)۔ یعنی ''ان کے اندر یہ بد دیانتی پیدا ہونے کا سبب یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں امیوں کا مال مار کھانے میں ہم پر کوئی گرفت نہیں ہے ''۔ یہی تیسرے معنی ہیں جو آیت زیر بحث میں مراد لیے گئے ہیں۔ یہ لفظ عبرانی زبان کے لفظ گوئیم کا ہم معنی ہے، جس کا ترجمہ انگریزی بائیبل میں Gentiles کیا گیا ہے، اور اس سے مراد تمام غیر یہودی یا غیر اسرائیلی لوگ ہیں۔

لیکن اس یہودی اصطلاح کی اصل معنویت محض اس کی اس تشریح سے سمجھ میں نہیں آسکتی۔ دراصل عبرانی زبان کا لفظ گوئیم ابتداءً محض اقوام کے معنی میں بولا جاتا تھا، لیکن رفتہ رفتہ یہودیوں نے اسے پہلے تو اپنے سوا دوسری قوموں کے لیے مخصوص کر دیا، پھر اس کے اندر یہ معنی پیدا کر دیے کہ یہودیوں کے سوا باقی تمام اقوام ناشائستہ، بد مذہب، ناپاک اور ذلیل ہیں، حتیٰ کہ حقارت اور نفرت میں یہ لفظ یونانیوں کی اصطلاح Barbarian سے بھی بازی لے گیا جسے وہ تمام غیر یونانیوں کے لیے استعمال کرتے تھے۔ ربیّوں کے لٹریچر میں گوئیم اس قدر قابل نفرت لوگ ہیں کہ ان کو انسانی بھائی نہیں سمجھا جا سکتا، ان کے ساتھ سفر نہیں کیا جا سکتا، بلکہ ان میں سے کوئی شخص ڈوب رہا ہو تو اسے بچانے کی کوشش بھی نہیں کی جاسکتی۔ یہودیوں کا عقیدہ یہ تھا کہ آنے والا مسیح تمام گوئیم کو ہلاک کر دے گا اور جلا کر خاکستر کر ڈالے گا (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد اول، آل عمران، حاشیہ 64)۔

***3 These characteristics of the Prophet (peace be upon him) have been mentioned at four places in the Quran and everywhere with a different object. These have been mentioned in Surah Al-Baqarah, Ayat 29 to tell the Arabs that the mission of the Prophet, which they were regarding as a calamity and affliction for themselves, was indeed a great blessing for which the Prophets Abraham and**

**Ishmael (peace be upon them) had been praying for their children. In Surah Al-Baqarah, Ayat 151, these have been mentioned to exhort the Muslims to recognize the true worth of the Prophet (peace be upon him) and to derive full benefit from the blessing which they had been granted in the form of his Apostleship. These have been reiterated in Surah Aal-Imran, Ayat 164 to make the hypocrites and the people of weak faith realize what great favor Allah had done to them by raising His Messenger (peace be upon him) among them, and how foolish they were in not appreciating this. Now, here in this Surah these have been repeated for the fourth time with the object to tell the Jews: The mission that Muhammad (peace be upon him) is performing in front of you, is evidently the mission of a Messenger. He is reciting the revelations of Allah, the language, themes and style of which testify that these are indeed divine revelations. He is purifying and reforming the lives of the people, cleansing their morals and habits and dealings of every evil element, and adorning them with the finest moral qualities. This is the same task which all the Prophets before him have been performing. Then he does not rest content only with the recitation of the revelations, but he is making the people understand the real aim of the divine Book by word and deed and by the practical model of his life and imparting to them the wisdom and knowledge which none but the Prophets have imparted so far. This very character and way of life and practical model is the conspicuous characteristic of the Prophets by which they are recognized. Then how stubborn you are that you refuse**

**to recognize and believe in the Messenger (peace be upon him) whose truth is manifestly proved by his wonderful works only because Allah has not raised him among you but among the people whom you call the ummis (gentiles).**

*3قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ صفات چار مقامات پر بیان کی گئی ہیں، اور ہر جگہ ان کے بیان کی غرض مختلف ہے۔ البقرہ آیت 129 میں ان کا ذکر اہل عرب کو یہ بتانے کے لیے کیا گیا ہے کہ آنحضورؐ کی بعثت، جسے وہ اپنے لیے زحمت و مصیبت سمجھ رہے تھے، در حقیقت ایک بڑی نعمت ہے جس کے لیے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام اپنی اولاد کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ البقرہ آیت 151 میں انہیں اس لیے بیان کیا گیا ہے کہ مسلمان حضورؐ کی قدر پہچانیں اور اس نعمت سے پورا پورا فیض حاصل کریں جو حضورؐ کی بعثت کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمائی ہے۔ آل عمران آیت 164 میں منافقین اور ضعیف الایمان لوگوں کو یہ احساس دلانے کے لیے ان کا اعادہ کیا گیا ہے کہ وہ کتنا بڑا احسان ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان اپنا رسول بھیج کر کیا ہے اور یہ لوگ کتنے نادان ہیں کہ اس کی قدر نہیں کرتے۔ اب چوتھی مرتبہ انہیں اس سورہ میں دہرایا گیا ہے جس سے مقصود یہودیوں کو یہ بتانا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری آنکھوں کے سامنے جو کام کر رہے ہیں وہ صریحاً ایک رسول کا کام ہے۔ وہ اللہ کی آیات سنا رہے ہیں جن کی زبان، مضامین، انداز بیان، ہر چیز اس بات کی شہادت دیتی ہے کہ فی الواقع وہ اللہ ہی کی آیات ہیں۔ وہ لوگوں کی زندگیاں سنوار رہے ہیں، ان کے اخلاق اور عادات اور معاملات کو ہر طرح کی گندگیوں سے پاک کر رہے ہیں، اور ان کو اعلیٰ درجے کے اخلاقی فضائل سے آراستہ کر رہے ہیں۔ یہ وہی کام ہے جو اس سے پہلے تمام انبیاء کرتے رہے ہیں۔ پھر وہ صرف آیات ہی سنانے پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ ہر وقت اپنے قول اور عمل سے اور اپنی زندگی کے نمونے سے لوگوں کو کتاب الٰہی کی منشا سمجھا رہے ہیں اور ان کو اس حکمت و دانائی کی تعلیم دے رہے ہیں جو انبیاء کے سوا آج تک کسی نے نہیں دی ہے۔ یہی سیرت اور کردار اور کام ہی تو انبیاء کا وہ نمایاں وصف ہے جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔ پھر یہ کیسی

ہٹ دھرمی ہے کہ جس کا رسول بر حق ہونا اس کے کارناموں سے علانیہ ثابت ہو رہا ہے اس کو ماننے سے تم نے صرف اس لیے انکار کر دیا کہ اللہ نے اسے تمہاری قوم کے بجائے اس قوم میں سے اٹھایا جسے تم اُمّی کہتے ہو۔"

***4 This is another proof of his prophethood, which has been presented to open eyes of the Jews. These people had been living in Arabia for centuries and no aspect of the religious, moral, social and cultural life of the Arabs was hidden from them. Referring to the state of their previous life it is being said: You are an eyewitness of the revolution that has taken place in the life of this nation within a few years under the guidance and leadership of Muhammad (peace be upon him). You are fully aware of the condition in which these people were involved before embracing Islam. You are also aware of their transformation afterwards, and you are also witnessing the condition of those people of this very nation, who have not yet embraced Islam. Is the clear and manifest difference which even a blind man can perceive not enough to convince you that this revolution can be brought about by none but a Prophet.**

*4 یہ حضورؐ کی رسالت کا ایک اور ثبوت ہے جو یہودیوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ یہ لوگ صدیوں سے عرب کی سرزمین میں آباد تھے اور اہل عرب کی مذہبی، اخلاقی، معاشرتی، اور تمدنی زندگی کا کوئی گوشہ ان سے چھپا ہوا نہ تھا۔ ان کی اس سابق حالت کی طرف اشارہ کر کے فرمایا جا رہا ہے کہ چند سال کے اندر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت و رہنمائی میں اس قوم کی جیسی کایا پلٹ گئی ہے اس کے تم عینی شاہد ہو۔ تمہارے سامنے وہ حالت بھی ہے جس میں یہ لوگ اسلام قبول کرنے سے پہلے مبتلا تھے۔ وہ حالت بھی ہے

جواسلام لانے کے بعد ان کی ہو گئی، اور اسی قوم کے ان لوگوں کی حالت بھی تم دیکھ رہے ہو جنھوں نے ابھی اسلام قبول نہیں کیا ہے۔ کیا یہ کھلا کھلا فرق، جسے ایک اندھا بھی دیکھ سکتا ہے، تمہیں یہ یقین دلانے کے لیے کافی نہیں ہے کہ یہ ایک نبی کے سوا کسی کا کارنامہ نہیں ہو سکتا؟ بلکہ اس کے سامنے تو پچھلے انبیاء تک کے کارنامے ماند پڑ گئے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۳ | اور دوسرے انمیں ابھی نہیں جو ملے ان سے *5 اور وہ ہے غالب حکمت والا۔ *6 | 3. And others of them, not yet who have joined with them. *5 And He is All Mighty, All Wise. *6 |

*5 That is, the prophethood of Muhammad (peace be upon him) is not restricted only to the Arabs but is meant for other nations and races as well, who have not yet joined the believers, but are going to be born till the Last Day. The word *minhum* (of them) in the original can have two meanings:

(1) That those other people will be of the *ummis* i.e. the non-Israelite nations of the world.

(2) That they will be believers in Muhammad (peace be upon him), though they have not yet joined the believers, but will join them later on. Thus, this verse is one of those verses which explicitly state that the Message of the Prophet (peace be upon him) is meant for all mankind forever. The other places where this theme has occurred in the Quran are: Surah Aal-Imran, Ayat 19; Surah Al-Aaraf, Ayat 158; Surah Al-Anbiya, Ayat 107; Surah Al-Furqan, Ayat 1; Surah Saba, Ayat 28. (For further explanation, see E.N. 47 of Surah Saba).

*5 یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت صرف عرب قوم تک محدود نہیں ہے بلکہ دنیا بھر کی ان دوسری قوموں اور نسلوں کے لیے بھی ہے جو ابھی آکر اہل ایمان میں شامل نہیں ہوئی ہیں مگر آگے قیامت تک آنے والی ہیں۔ اصل الفاظ ہیں وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ۔ " دوسرے لوگ ان میں سے جو ابھی ان سے نہیں ملے ہیں " اس میں لفظ منہم (ان میں سے ) کے دو مطلب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ وہ دوسرے لوگ امیوں میں سے، یعنی دنیا کی غیر اسرائیلی قوموں میں سے ہوں گے۔ دوسرے یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ماننے والے ہونگے جو ابھی اہل ایمان میں شامل نہیں ہوئے ہیں مگر بعد میں آکر شامل ہو جائیں گے۔ اس طرح یہ آیت منجملہ ان آیات کے ہے جن میں تصریح کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمام نوع انسانی کی طرف ہے اور ابد تک کے لیے ہے۔ قرآن مجید کے دوسرے مقامات جہاں اس مضمون کی صراحت کی گئی ہے، حسب ذیل ہیں: الانعام، آیت 19۔ الاعراف، 158۔ الانبیاء، 107۔ الفرقان، 1۔ سبا، 28 (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورہ سبا، حاشیہ 47)۔

*6 That is, it is a manifestation of Allah's own power and wisdom that among an un-civilized, un-lettered people He has raised a great Prophet (peace be upon him), whose teachings are so revolutionary and contain such eternal and universal principles as can provide a sound basis for the whole of mankind to be a single unified community, which can obtain guidance from those principles forever. An impostor, however hard he may have tried, could not have attained this position and rank. Not to speak of a backward people like the Arabs; even the most intelligent and talented man of the most advanced nation of the world cannot have the power that he may revolutionize a nation so completely, and then give such comprehensive principles

to the world that all mankind may follow it as one community and be able to run a universal and all-pervasive system of one way of life and one civilization forever. This is a miracle which has taken place only by Allah's power, and only Allah on the basis of His wisdom has chosen the person, the country and the nation for it.

6*یعنی یہ اسی کی قدرت و حکمت کا کرشمہ ہے کہ ایسی ناتراشیدہ اُمیّ قوم میں اس نے ایسا عظیم نبی پیدا کیا جس کی تعلیم وہدایت اس درجہ انقلاب انگیز ہے، اور پھر ایسے عالمگیر ابدی اصولوں کی حامل ہے جن پر تمام نوع انسانی مل کر ایک امت بن سکتی ہے اور ہمیشہ ہمیشہ ان اصولوں سے رہنمائی حاصل کر سکتی ہے۔ کوئی بناوٹی انسان خواہ کتنی ہی کوشش کر لیتا، یہ مقام و مرتبہ کبھی حاصل نہیں کر سکتا تھا۔ عرب جیسی پسماندہ قوم تو درکنار، دنیا کی کسی بڑی سے بڑی قوم کا کوئی ذہین سے ذہین آدمی بھی اس پر قادر نہیں ہو سکتا کہ ایک قوم کی اس طرح مکمل طور پر کایا پلٹ دے، اور پھر ایسے جامع اصول دنیا کو دے دے جن پر ساری نوع انسانی ایک امت بن کر ایک دین اور ایک تہذیب کا عالمگیر و ہمہ گیر نظام ابد تک چلانے کے قابل ہو جائے۔ یہ ایک معجزہ ہے جو اللہ کی قدرت سے رونما ہوا ہے، اور اللہ ہی نے اپنی حکمت کی بنا پر جس شخص، جس ملک، اور جس قوم کو چاہا ہے اس کے لیے انتخاب کیا ہے۔ اس پر اگر کسی بے وقوف کا دل دکھتا ہے تو دکھتا رہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. That is the bounty of Allah, He bestows it to whom He wills. And Allah is the Owner of the great bounty. | یہ فضل ہے اللہ کا وہ عطا فرماتا ہے جسے چاہتا ہے ۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔ | ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ‌ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ﴿۴﴾ |
| 5. The example of those who were entrusted with the | مثال انکی جن کو حامل بنایا گیا تورات کا پھر نہ اٹھایا انہوں | مَثَلُ الَّذِيۡنَ حُمِّلُوا التَّوۡرٰىةَ ثُمَّ لَمۡ يَحۡمِلُوۡهَا كَمَثَلِ |

Torah, then did not take it*7 is as the example of the donkey *8 laden with books. Evil is the example of the people who denied the revelations of Allah. And Allah does not guide those people who are wrongdoers.

نے*7 اسے ایسی مثال ہے کہ گدھا*8 جس پر لدی ہوں کتابیں۔ بری ہے مثال ان لوگوں کی جنہوں نے تکذیب کی اللہ کی آیتوں کی۔ اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ان لوگوں کو جو ظالم ہیں۔

الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا ۚ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝٥

*7 This sentence has two meanings, a general meaning and a special meaning. The general meaning is that the people who were entrusted with the knowledge and practice of the Torah and with the responsibility of guiding the world according to it, neither understood this responsibility nor discharged it as they should have. The special meaning is being the bearers of the Torah these people should have been foremost to join hands with the Messenger (peace be upon him), good news about whose advent had been already given in the Torah, but, instead, they have been in the forefront to oppose him and have thus failed to fulfill the demand of the teaching of the Torah.

*7اس فقرے کے دو معنی ہیں۔ ایک عام اور دوسرا خاص۔ عام معنی یہ ہیں کہ جن لوگوں پر توراۃ کے علم و عمل، اور اس کے مطابق دنیا کی ہدایت کا بار رکھا گیا تھا، مگر نہ انہوں نے اپنی اس ذمہ داری کو سمجھا اور نہ اس کا حق ادا کیا۔ خاص معنی یہ ہیں کہ حامل توراۃ گروہ ہونے کی حیثیت سے جن کا کام یہ تھا کہ سب سے پہلے آگے بڑھ کر اس رسول کا ساتھ دیتے جس کے آنے کی صاف صاف بشارت توراۃ میں دی گئی تھی، مگر انہوں

نے سب سے بڑھ کر اس کی مخالفت کی اور توراۃ کی تعلیم کے تقاضے کو پورا نہ کیا۔

*8 That is, just as a donkey loaded with books does not know what it is loaded with, so are these people loaded with the Torah and they do not know what this Book was sent for and what are its demands.

*8یعنی جس طرح گدھے پر کتابیں لدی ہوں اور وہ نہیں جانتا کہ اس کی پیٹھ پر کیا ہے، اسی طرح یہ توراۃ کو اپنے اوپر لادے ہوئے ہیں اور نہیں جانتے کہ یہ کتاب کس لیے آئی ہے اور ان سے کیا چاہتی ہے۔

*9 That is, they are even worst than a donkey, who is without sense and therefore is excusable. But these people have intelligence, they read and teach the Torah and are fully aware of its meaning. Yet they are turning away from its guidance and refusing willfully to acknowledge and believe in the Prophet (peace be upon him) who even according to the Torah teaches the truth. They are guilty not because of ignorance but because of denying Allah's revelation deliberately.

*9یعنی ان کا حال گدھے سے بھی بد تر ہے۔ وہ تو سمجھ بوجھ نہیں رکھتا اس لیے مغرور ہے۔ مگر یہ سمجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ توراۃ کو پڑھتے پڑھاتے ہیں۔ اس کے معنی سے ناواقف نہیں ہیں۔ پھر بھی یہ اس کی ہدایات سے دانستہ انحراف کر رہے ہیں، اور اس نبی کو ماننے سے قصداً انکار کر رہے ہیں جو توراۃ کی رو سے سراسر حق پر ہے۔ یہ نافہمی کے قصور وار نہیں ہیں بلکہ جان بوجھ کر اللہ کی آیات کو جھٹلانے کے مجرم ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ | کہدو اے وہ لوگوں جو یہودی ہوئے *10اگر تمہارا یہ دعویٰ ہے کہ تم ہی دوست ہو اللہ کے *11سوائے دوسرے لوگوں کے تو | 6. Say: "O those who are Jews, *10 if you claim that you are friends to Allah, *11 apart from other man- |

| | | |
|---|---|---|
| kind, then wish for death if you are truthful.” *12 | آرزو کرو موت کی اگر تم سچے ہو *12 ۔ | اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ۝٦ |

*10 This point is noteworthy. It has not been said: O Jews. But: O you who have became Jews, or who have adopted Judaism, the reason being that the way of life brought by the Prophet Moses (peace be upon him) and the Prophets after and before him, was Islam itself. None of those Prophets was a Jew, nor had Judaism been born in their time, but Judaism as such came into being much later. It is ascribed to the tribe which descended from Judah, the fourth son of the Prophet Jacob (peace be upon him). When after the Prophet Solomon (peace be upon him), his kingdom broke into two parts, this tribe became ruler over the state which came to be known as Judea. The other tribes of the Israelites established their separate state which became famous as Samaria. Then Assyria not only destroyed Samaria but also wiped out those Israelite tribes which had founded that state. After that only the decedents of Judah besides those of Benjamin remained. Who because of the predominance of the descendants of Judah, began to be called the Jews. Judaism is the name of the framework of the doctrines, customs, and religious rules and regulations which the priests, rabbis and learned men of this race prepared according to their own ideas, theories and trends for many centuries. This framework started being shaped in the 4th century B.C. and continued to develop till the 5th century A.D. It contains a very small element of the divine guidance brought by the Messengers

of Allah, and even that element has been corrupted. That is why at many places in the Quran they have been addressed as *alladhina hadu*, O you who have become Jews. All of these were not the Israelites but there were among them also converts who had embraced Judaism. Whenever in the Quran the children of Israel have been addressed, the words are: O children of Israel, and where the followers of Judaism have been addressed, the words are; *alladhina hadu*, O you who have become Jews.

10* یہ نکتہ قابل توجہ ہے۔ ''اَے یہودیو'' نہیں کہا ہے بلکہ ''اَے وہ لوگو جو یہودی بن گئے ہو'' یا ''جنہوں نے یہودیت اختیار کرلی ہے'' فرمایا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ اصل دین جو موسیٰ علیہ السلام اور ان سے پہلے اور بعد کے انبیاء لائے تھے وہ تو اسلام ہی تھا۔ ان انبیاء میں سے کوئی بھی یہودی نہ تھا، اور نہ ان کے زمانے میں یہودیت پیدا ہوئی تھی۔ یہ مذہب اس نام کے ساتھ بہت بعد کی پیداوار ہے۔ یہ اس خاندان کی طرف منسوب ہے جو حضرت یعقوب علیہ السلام کے چوتھے بیٹے یہودا کی نسل سے تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد جب سلطنت دو ٹکڑوں میں تقسیم ہوگئی تو یہ خاندان اس ریاست کا مالک ہوا جو یہودیہ کے نام سے موسوم ہوئی، اور بنی اسرائیل کے دوسرے قبیلوں نے اپنی الگ ریاست قائم کرلی جو سامریہ کے نام سے مشہور ہوئی۔ پھر اسیریا نے نہ صرف یہودا، اور اس کے ساتھ بن یامین کی نسل باقی رہ گئی جس پر یہودا کی نسل کے غلبے کی وجہ سے ''یہود'' ہی کے لفظ کا اطلاق ہونے لگا۔ اس نسل کے اندر کاہنوں اور ربیوں اور احبار نے اپنے اپنے خیالات و نظریات اور رجحانات کے مطابق عقائد اور رسوم اور مذہبی ضوابط کا جو ڈھانچہ صدہا برس میں تیار کیا اس کا نام یہودیت ہے۔ یہ ڈھانچہ چوتھی صدی قبل مسیح سے بننا شروع ہوا اور پانچویں صدی عیسوی تک بنتا رہا۔ اللہ کے رسولوں کی لائی ہوئی ربانی ہدایت کا بہت تھوڑا ہی عنصر اس میں شامل ہے۔ اور اس کا حلیہ بھی اچھا خاصا بگڑ چکا ہے۔ اسی بنا پر قرآن مجید میں اکثر مقامات پر ان کو اَلَّذِیْنَ ھَادُوْا کہہ کر خطاب کیا گیا ہے، یعنی ''اے وہ لوگو جو یہودی بن کر رہ گئے ہو''۔ ان میں سب کے سب اسرائیلی ہی نہ

تھے، بلکہ وہ غیر اسرائیلی بھی تھے جنھوں نے یہودیت قبول کرلی تھی۔ قرآن میں جہاں بنی اسرائیل کو خطاب کیا گیا ہے وہاں ''اے بنی اسرائیل '' کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، اور جہاں مذہب یہود کے پیروؤں کو خطاب کیا گیا ہے وہاں اَلَّذِیۡنَ هَادُوۡا کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

*11 At several places in the Quran, their claim has been described in detail, as in Surah Al-Baqarah, Ayat 111, they say: none shall enter Paradise unless he be a Jew. In Surah Al-Baqarah, Ayat 80: The fire of Hell is not going to touch us, and even if it does at all, it will be only for a few days, and in Surah Al-Maidah, Ayat 18: We are the sons of Allah and His beloved ones. Same such claims are also found in the books of the Jews themselves. The world at least knows that they regard themselves as the chosen people of God, and cherish the false notion that Cod has a special relationship with them, which is not shared by any other human group or class.

*11 قرآن مجید میں متعدد مقامات پر ان کے اس دعوے کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ مثلاً وہ کہتے ہیں کہ یہودیوں کے سوا کوئی جنت میں داخل نہ ہو گا (البقرہ۔111) ہمیں دوزخ کی آگ ہرگز نہ چھوئے گی، اگر ہم کو سزا ملے گی بھی تو بس چند روز (البقرہ۔ 80، آل عمران۔ 24)۔ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے چہیتے ہیں (المائدہ۔18) ایسے ہی کچھ دعوے خود یہودیوں کی اپنی کتابوں میں بھی ملتے ہیں۔ کم ازکم یہ بات تو ساری دنیا جانتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو خدا کی برگزیدہ مخلوق (Chosen People) کہتے ہیں اور اس زعم میں مبتلا ہیں کہ خدا کا ان کے ساتھ ایک خاص رشتہ ہے جو کسی دوسرے انسانی گروہ سے نہیں ہے۔

*12 This has been stated for the second time in the Quran, addressing the Jews. First, in Surah Al-Baqarah, Ayats 94-96, it was said, Say to them: If the abode of the Hereafter with Allah is exclusively reserved for you and not for the

**rest of mankind, then you should long for death, if you are sincere in your claim. Believe it that they will never wish for it, for (they are fully aware of) what they have sent before them for the Hereafter. And Allah knows well the mentality of the transgressors. You will find that of all mankind, they are the greediest for life; any they are even greedier than the idolaters. Each one of them longs to have a life of a thousand years, but a long life can by no means remove them away from the doom, for Allah is watching whatever they are doing. Now the same thing has been repeated here. But this is not a mere repetition. In the verses of Surah Al-Baqarah, it was said when no war had yet taken place between the Muslims and the Jews. In this Surah it was reiterated at the time when after several battles their power in Arabia had been finally and absolutely crushed. These battles and their results proved by experience and observation that what had been said in Surah Al-Baqarah was correct. In Al-Madinah and Khaiber, the Jewish strength was much superior to that of the Muslims both in numbers and in resources. Then they had the pagans of Arabia and the hypocrites of Al-Madinah also as their allies who were bent upon wiping out the Muslims. But in spite of this great disparity in numbers the Muslims overwhelmed the Jews mainly because they were least afraid of dying for the cause of Allah. They were rather fond of it, and would enter the battlefield fully prepared to embrace death. For they believed that they were fighting in the way of God and had complete faith that the one who fell martyr in His way would be blessed with**

Paradise. Contrary to this, the Jews were not prepared to fight and lay down their life for any cause, neither the cause of God, nor the cause of their nation nor for their own self, properties and honor. They only loved to live, in whatever way or fashion it be. This had made them cowardly.

*12 یہ بات قرآن مجید میں دوسری مرتبہ یہودیوں کو خطاب کر کے کہی گئی ہے۔ پہلے سورہ بقرہ میں فرمایا گیا تھا ''ان سے کہو، اگر آخرت کا گھر تمام انسانوں کو چھوڑ کر صرف تمہارے ہی لیے اللہ کے ہاں مخصوص ہے تو پھر تم موت کی تمنا کرو اگر تم اپنے اس خیال میں سچے ہو۔ لیکن یہ ہرگز اس کی تمنا نہ کریں گے اپنے اُن کرتوتوں کی وجہ سے جو یہ کر چکے ہیں، اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ بلکہ تم تمام انسانوں سے بڑھ کر، حتیٰ کہ مشرکین سے بھی بڑھ کر ان کو کسی نہ کسی طرح جینے کا حریص پاؤ گے۔ ان میں سے کوئی یہ چاہتا ہے کہ ہزار برس جیے، حالانکہ وہ لمبی عمر پائے تب بھی اسے یہ چیز عذاب سے نہیں بچا سکتی۔ ان کے سارے کرتوت اللہ کی نظر میں ہیں'' (آیات 94۔96) اب اسی بات کو پھر یہاں دہرایا گیا ہے۔ لیکن یہ محض تکرار نہیں ہے۔ سورہ بقرہ والی آیات میں یہ بات اس وقت کہی گئی تھی جب یہودیوں سے مسلمانوں کی کوئی جنگ نہ ہوئی تھی۔ اور اس سورۃ میں اس کا اعادہ اس وقت کیا گیا ہے جب ان کے ساتھ متعدد معرکے پیش آنے کے بعد عرب میں آخری اور قطعی طور پر ان کا زور توڑ دیا گیا۔ ان معرکوں نے، اور ان کے اس انجام نے وہ بات تجربے اور مشاہدے سے ثابت کر دی جو پہلے سورہ بقرہ میں کہی گئی تھی۔ مدینے اور خیبر میں یہودی طاقت بلحاظ تعداد مسلمانوں سے کسی طرح کم نہ تھی، اور بلحاظ وسائل ان سے بہت زیادہ تھی۔ پھر عرب کے مشرکین اور مدینے کے منافقین بھی ان کی پشت پر تھے اور جس چیز نے مسلمانوں کو غالب اور یہودیوں کو مغلوب کیا وہ یہ تھی کہ مسلمان راہ خدا میں مرنے سے خائف تو درکنار، تہ دل سے اس کے مشتاق تھے اور سر ہتھیلی پر لیے ہوئے میدان جنگ میں اترتے تھے۔ کیونکہ انہیں اس بات کا یقین تھا کہ وہ خدا کی راہ میں لڑ رہے ہیں، اور وہ اس بات پر بھی کامل یقین رکھتے تھے کہ اس راہ میں شہید ہونے والے کے لیے جنت ہے۔ اس کے بر عکس یہودیوں کا حال یہ تھا کہ وہ کسی راہ میں بھی جان دینے کے لیے تیار نہ تھے، نہ خدا کی راہ میں، نہ قوم کی

راہ میں، نہ خود اپنی جان اور مال اور عزت کی راہ میں۔ انہیں صرف زندگی درکار تھی، خواہ وہ کیسی ہی زندگی ہو۔ اسی چیز نے ان کو بزدل بنا دیا تھا۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ لَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۷﴾ | اور نہیں وہ آرزو کریں گے کبھی بھی بسبب اسکے جو بھیج چکے ہیں آگے انکے ہاتھ *13۔ اور اللہ خوب واقف ہے ظالموں سے ۔ | 7. And they will not wish for it, ever, because of what have sent before their hands. *13 And Allah is Aware of the wrongdoers. |

*13 In other words, their flight from death is not without a reason. Whatever they may say, their conscience is fully aware of how they are behaving towards Allah and His religion and what consequences can be expected of the misdeeds they are committing in the world. That is why they are afraid to appear at the court of God.

*13 بالفاظ دیگر ان کا موت سے یہ فرار بے سبب نہیں ہے۔ وہ زبان سے خواہ کیسے ہی لمبے چوڑے دعوے کریں، مگر ان کے ضمیر خوب جانتے ہیں کہ خدا اور اس کے دین کے ساتھ ان کا معاملہ کیا ہے، اور آخرت میں ان حرکتوں کے کیا نتائج نکلنے کی توقع کی جا سکتی ہے جو وہ دنیا میں کر رہے ہیں۔ اسی لیے ان کا نفس خدا کی عدالت کا سامنا کرنے سے جی چراتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا | کہدو بیشک موت وہ جس سے بھاگتے ہو تم وہ تو ضرور ملنے والی ہے تم سے پھر تم لوٹائے جاؤ گے اس کی طرف جو جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا ۔ پھر وہ | 8. Say: “Indeed, the death which you flee from, certainly, will meet you. Then you will be returned to the Knower of the |

| | | |
|---|---|---|
| invisible and the visible, then He will inform you of what you used to do." | تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کرتے رہے ہو۔ | كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ |
| 9. O those who believed, when the call is made to the prayer on the day of Jumua, *14 then hasten to the remembrance of Allah and leave off trading. *15 That is better for you if you knew. | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو جب اذان دی جائے نماز کے لئے جمعہ کے دن *14 تو دوڑو اللہ کے ذکر کیطرف اور ترک کر دو خرید وفروخت۔ *15 یہ ہے بہتر تمہارے لئے اگر تم سمجھتے ہو۔ | يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾ |

*14 Three things in this sentence are particularly noteworthy:

(1) That call to the Prayer is mentioned here.

(2) That the mention is of the call to such a Prayer as has to be performed particularly only on Fridays.

(3) That these things have not been mentioned so as to suggest that the call is to be made for the Prayer and a particular Prayer is to be performed on Friday, but the style and context clearly show that the call to the Prayer and the particular Prayer were both already being performed and practiced on Friday.

The people, however, were being negligent in that on hearing the call to the Prayer. They would not hasten to it but would remain occupied in their worldly activities and

**trade and business transactions. Therefore, Allah sent down this verse to make the people realize and appreciate the importance of the call and the Prayer and to exhort them to hasten to perform it as a duty. If these three things are considered deeply, they prove this absolute truth that Allah enjoined on the Prophet (peace be upon him) certain commands which were not revealed in the Quran, and these commands were also as obligatory as those revealed in the Quran itself. The call to the Prayer is the same as *adhan* which is being called the world over five times daily in every mosque. But neither its words have been stated anywhere in the Quran nor the method of calling the people to the Prayer has been taught. Its method was prescribed by the Prophet (peace be upon him). The Quran has only confirmed it twice, here and in Surah Al-Maidah, Ayat 58. Likewise, this particular Prayer of Friday, which the Muslims of the entire world are performing has neither been enjoined in the Quran nor its time and method of performance described anywhere. This was also prescribed by the Prophet (peace be upon him), and this verse of the Quran was revealed only to stress its importance and obligatory nature. In spite of this express argument anyone who claims that the Shariah commandments are only those which have been stated in the Quran, is not in fact a denier of the Sunnah but of the Quran itself.**

**Before proceeding further, let us understand a few other things also about *Jumuah* (the Friday congregational Prayer):**

**(1) *Jumuah* is an Islamic term. In the pre-Islamic days of**

**ignorance the Arabs called it the Arabah day. In Islam when it was declared as a congregational day of the Muslims, it was re-named as *Jumuah*. Although according to the historians, Kab bin Luayy, or Qusayy bin Kilab, also had used this name for this day, for he used to hold an assembly of Quraish on this day (Fath-al-Bari), yet by this practice the ancient name did not change, and the common Arabs continued to call it the Arabah Day. The real change took place when Islam gave it this new name.**

**(2) Before Islam, setting aside of a day in the week for worship and regarding it as an emblem of the community was prevalent among the followers of the earlier scriptures. Among the Jews the Sabbath (Saturday) had been fixed for this purpose, because on this day Allah had delivered the children of Israel from the bondage of the Pharaoh. In order to distinguish themselves from the Jews the Christians took Sunday as their distinctive emblem. Although it had neither been enjoined by the Prophet Jesus (peace be upon him) nor mentioned anywhere in the Gospel, yet the Christians believe that after his death on the Cross the Prophet Jesus (peace be upon him) had risen from the grave on this day and ascended to heaven. On this very basis the later Christians ordained it as the day of worship, and then in 321 A.D. the Roman Empire instituted it as a holiday by decree. In order to distinguish its community from both these communities, Islam adopted Friday as the day of collective worship as against Saturday and Sunday.**

**(3) It is known from the tradition reported by Abdullah bin**

**Masud and Abu Masud Ansari that the Friday congregational Prayer had been enjoined on the Prophet (peace be upon him) some time before the Hijrah in Makkah itself. But at that time he could not act on it, for in Makkah it was not possible to perform any worship collectively. Therefore, he sent a written instruction to the people who had emigrated to Al-Madinah before him that they should establish the Friday congregational Prayer there. Thus, Musab bin Umair, the leader of the earliest emigrants, offered the first Friday Prayer at Al-Madinah with 12 followers. (Tabarani, Daraqutni). Kaab bin Malik and Ibn Sirin have reported that even before this the Muslims of Al-Madinah had decided mutually, on their own initiative, that they would hold a collective service on one day in the week. For this purpose they had selected Friday as against the Sabbath of the Jews and Sunday of the Christians, and the first Friday Prayer was led by Asad bin Zurarah at the place of Bani Bayadah and 40 Muslims participated in it. (Musnad Ahmad Abu Daud, Ibn Majah, Ibn Hibban, Abd bin Humaid, Abdur Razzaq, Baihaqi). This shows that the Islamic taste and trend at that time was itself demanding that there should be a day on which maximum number of Muslims should gather together and worship collectively. And this was also a demand of the Islam itself that it should be a day other than Saturday and Sunday so that the symbol of the Muslim community should be distinctive from the emblems of the Jewish and the Christian communities. This was a wonderful manifestation of the Islamic trends and tastes of the**

**Prophet's companions that many a time it so happened that even before a thing was enjoined their taste proclaimed that the spirit of Islam demanded its introduction.**

**(4) The establishment of the Friday congregational Prayer was one of the earliest things that the Prophet (peace be upon him) did after his emigration to Al-Madinah. After leaving Makkah he reached Quba on Monday and stayed there for four days. On the fifth day, which was a Friday, he preceded to Al-Madinah. On the way at the place of Bani Salim bin Auf, time came for the Friday Prayer and he performed the first Friday congregational Prayer at this very place. (Ibn Hisham).**

**(5) The time appointed by the Prophet (peace be upon him) for this Prayer was after the declining of the sun, the same time which is for the Zuhr Prayer. The written instruction that he had sent to Musab bin Umair before the hijrah was: Seek nearness to Allah by means of two rakahs of the Prayer when the sun declines after midday on Friday. (Daraqutni). This same instruction he gave orally after hijrah as well as practically led the Friday Prayer at the same time. Traditions on this Subject have been related on the authority of Anas, Salamah bin Akwa, Zubair bin al-Awwam, Sahl bin Saad, Abdullah bin Masud, Ammar bin Yasr and Bilal in the collection of Hadith, saying that the Prophet (peace be upon him) used to perform the Friday Prayer after the declining of the sun: (Musnad Ahmad Bukhari, Muslim, Abu Daud, Nasai, Tirmidhi).**

**(6) This is also confirmed by his practice that on this day the Prophet (peace be upon him) led the Friday**

congregational Prayer instead of the Zuhr Prayer, and this Prayer consisted of two rakahs and he gave the Sermon before it. This was the only difference between the Friday Prayer and the Zuhr Prayer on other days. Umar says: According to the command enjoined by the tongue of your Prophet (peace be upon him) the traveler's Prayer consists of two rakahs, the Fajr Prayer consists of two rakahs, and the Friday Prayer consists of two rakahs. This is the complete, not the shortened Prayer and the Friday Prayer has been shortened only because of the Sermon.

(7) The call to the Prayer that has been mentioned here implies the call that is made just before the Sermon, and not the call that is made much before the Sermon to announce that the prayer time has begun. There is a tradition in the Hadith from Saaib bin Yazid to the effect that in the time of the Prophet (peace be upon him) there used to be only one call that was made after the Imam (leader in Prayer) had taken his seat on the pulpit. The same practice also continued in the time of Abu Bakr and Umar. When population increased in the time of Uthman, he ordered another call to be made in the bazaar of Al-Madinah at his house, Az-Zaura. (Bukhari, Abu Daud, Nasai, Tabarani).

14*اس فقرے میں تین باتیں خاص طور پر توجہ طلب ہیں۔ایک یہ کہ اس میں نماز کے لیے منادی کرنے کا ذکر ہے۔ دوسرے یہ کہ کسی ایسی نماز کی منادی کا ذکر ہے جو خاص طور پر صرف جمعہ کے دن ہی پڑھی جانی چاہیے۔ تیسرے یہ کہ ان دونوں چیزوں کا ذکر اس طرح نہیں کیا گیا ہے کہ تم نماز کے لیے منادی کرو،اور جمعہ کے روز ایک خاص نماز پڑھا کرو، بلکہ اندازِ بیان اور سیاق و سباق صاف بتا رہا ہے کہ نماز کی منادی اور جمعہ کی

مخصوص نماز دونوں پہلے سے جاری تھیں ۔البتہ لوگ اذان سن کر نماز کے لیے جانے میں تساہل برتتے تھے اور خرید و فروخت کرنے میں لگے رہتے تھے ، اس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت صرف اس غرض کے لیے نازل فرمائی کہ لوگ اس منادی اور اس خاص نماز کی اہمیت محسوس کریں اور فرض جان کر اس کی طرف دوڑیں۔

ان تینوں باتوں پر اگر غور کیا جائے تو ان سے یہ اصولی حقیقت قطعی طور پر ثابت ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کو کچھ ایسے احکام بھی دیتا تھا جو قرآن میں نازل ہوئے ، اور وہ احکام بھی اسی طرح واجب الاطاعت تھے جس طرح قرآن میں نازل ہونے والے احکام۔ نماز کی منادی وہی اذان ہے جو آج ساری دنیا میں ہر روز پانچ وقت ہر مسجد میں دی جا رہی ہے۔مگر قرآن میں کسی جگہ نہ اس کے الفاظ بیان کیے گئے ہیں، نہ کہیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ نماز کے لیے لوگوں کو اس طرح پکارا کرو۔ یہ چیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی مقرر کردہ ہے۔ قرآن میں دو جگہ صرف اس کی توثیق کی گئی ہے ، ایک اس آیت میں، دوسرے سورہ مائدہ کی آیت 85 میں۔ اسی طرح جمعہ کی یہ خاص نماز جو آج ساری دنیا کے مسلمان ادا کر رہے ہیں، اس کا بھی قرآن میں نہ حکم دیا گیا ہے نہ وقت اور طریق ادا بتایا گیا ہے۔ یہ طریقہ بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ و سلم کا جاری کردہ ہے ، اور قرآن کی یہ آیت صرف اس کی اہمیت اور اس کے وجوب کی شدت بیان کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے۔ اس صریح دلیل کے باوجود جو شخص یہ کہتا ہے کہ شرعی احکام صرف وہی ہیں جو قرآن میں بیان ہوئے ہیں، وہ دراصل سنت کا نہیں، خود قرآن کا منکر ہے۔

آگے بڑھنے سے پہلے جمعہ کے بارے میں چند امور اور بھی جان لینے چاہییں۔

جمعہ دراصل ایک اسلامی اصطلاح ہے ، زمانہ جاہلیت میں اہل عرب اسے یوم عرُوبہ کہا کرتے تھے۔ اسلام میں جب اس کو مسلمانوں کے اجتماع کا دن قرار دیا گیا تو اس کا نام جمعہ رکھا گیا۔ اگر چہ مؤرخین کہتے ہیں کہ کعب بن لوئیؔ، یا قصیّ بن کلاب نے بھی اس دن کے لیے یہ نام استعال کیا تھا، کیونکہ اس روز وہ قریش کے لوگوں کا اجتماع کیا کرتا تھا (فتح الباری)، لیکن اس کے اس فعل سے قدیم نام تبدیل نہیں ہوا، بلکہ عام اہل عرب اسے عروبہ ہی کہتے تھے۔ نام کی حقیقی تبدیلی اس وقت ہوئی جب اسلام میں اس دن کا یہ نیا نام رکھا گیا۔

اسلام سے پہلے ہفتہ کا دن عبادت کے لیے مخصوص کرنے اور اس کو شعار ملت قرار دینے کا طریقہ اہل کتاب میں موجود تھا۔ یہودیوں کے ہاں اس غرض کے لیے سبت (ہفتہ) کا دن مقرر کیا گیا تھا، کیونکہ اسی دن اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی نجات دی تھی۔ عیسائیوں نے اپنے آپ کو یہودیوں سے ممیز کرنے کے لیے اپنا شعار ملت اتوار کا دن قرار دیا۔ اگرچہ اس کا کوئی حکم نہ حضرت عیسیٰ نے دیا تھا، نہ انجیل میں کہیں اس کا ذکر آیا ہے، لیکن عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ صلیب پر جان دینے کے بعد حضرت عیسیٰ اسی روز قبر سے نکل کر آسمان کی طرف گئے تھے۔ اسی بنا پر بعد کے عیسائیوں نے اپنی عبادت کا دن قرار دے لیا اور پھر 321 ء میں رومی سلطنت نے ایک حکم کے ذریعہ سے اس کو عام تعطیل کا دن مقرر کر دیا۔ اسلام نے ان دونوں ملتوں سے اپنی ملت کو ممیز کرنے کے لیے یہ دونوں دن چھوڑ کر جمعہ کو اجتماعی عبادت کے لیے اختیار کیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت ابو مسعود انصاری کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کی فرضیت کا حکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہجرت سے کچھ مدت پہلے مکہ معظمہ ہی میں نازل ہو چکا تھا۔ لیکن اس وقت آپ اس پر عمل نہیں کر سکتے تھے۔ کیونکہ مکہ میں کوئی اجتماعی عبادت ادا کرنا ممکن نہ تھا۔ اس لیے آپؐ نے ان لوگوں کو جو آپؐ سے پہلے ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچ چکے تھے، یہ حکم لکھ بھیجا کہ وہاں جمعہ قائم کریں۔ چنانچہ ابتدائی مہاجرین کے سردار حضرت مصعب بن عمیر نے 12 آدمیوں کے ساتھ مدینے میں پہلا جمعہ پڑھا (طبرانی۔ دار قطنی)۔

حضرت کعب بن مالک اور ابن سیرین کی روایت یہ ہے کہ اس سے بھی پہلے مدینہ کے انصار نے بطور خود (قبل اس کے کہ حضورؐ کا حکم ان کو پہنچا ہوتا) آپس میں یہ طے کیا تھا کہ ہفتہ میں ایک دن مل کر اجتماعی عبادت کریں گے۔ اس غرض کے لیے انہوں نے یہودیوں کے سبت اور عیسائیوں کے اتوار کو چھوڑ کر جمعہ کا دن انتخاب کیا اور پہلا جمعہ حضرت اسعد بن زُرارہ نے بنی بیاضہ کے علاقہ میں پڑھا جس میں 40 آدمی شریک ہوئے (مسند احمد، ابو داؤد، ابن ماجہ، ابن حبان، عبد بن حمید، عبدالرزاق، بیہقی)۔ اس سے معلوم ہوتا ہے اسلامی ذوق خود اس وقت یہ مطالبہ کر رہا تھا کہ ایسا ایک دن ہونا چاہیے جس میں زیادہ سے زیادہ مسلمان جمع ہو

کر اجتماعی عبادت کریں، اور یہ بھی اسلامی ذوق ہی کا تقاضا تھا کہ وہ دن ہفتے اور اتوار سے الگ ہو تاکہ مسلمانوں کا شعار ملت یہود و نصاریٰ کے شعارِ ملت سے الگ رہے۔ یہ صحابہ کرامؓ کی اسلامی ذہنیت کا ایک عجیب کرشمہ ہے کہ بسا اوقات ایک حکم آنے سے پہلے ہی ان کا ذوق کہہ دیتا تھا کہ اسلام کی روح فلاں چیز کا تقاضا کر رہی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد جو اولین کام کیے ان میں سے ایک جمعہ کی اقامت بھی تھی۔ مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے آپ پیر کے روز قبا پہنچے، چار دن وہاں قیام فرمایا، پانچویں روز جمعہ کے دن وہاں سے مدینہ کی طرف روانہ ہوئے، راستہ میں بنی سالم بن عوف کے مقام پر تھے کہ نماز جمعہ کا وقت آ گیا، اسی جگہ آپؐ نے پہلا جمعہ ادا فرمایا (ابن ہشام)۔

اس نماز کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زوال کے بعد کا وقت مقرر فرمایا تھا، یعنی وہی وقت جو ظہر کی نماز کا وقت ہے۔ ہجرت سے پہلے حضرت مصعب بن عمیر کو جو تحریری حکم آپ نے بھیجا تھا اس میں آپؐ کا ارشاد یہ تھا کہ : فاذامال النہار عن شطرہ عند الزوال من یوم الجمعہ فتقربوا الی اللہ تعالیٰ برکعتین (دارقطنی)۔ "جب جمعہ کے روز دن نصف النہار سے ڈھل جائے تو دو رکعت نماز کے ذریعہ سے اللہ کے حضور تقرب حاصل کرو"۔ یہ حکم ہجرت کے بعد آپ نے قولاً بھی دیا اور عملاً بھی اسی وقت پر آپ جمعہ کی نماز پڑھاتے رہے۔ حضرت انسؓ، حضرت سلمہؓ بن اکوع، حضرت جابرؓ بن عبداللہ، حضرت زبیر بن العوام، حضرت سہلؓ بن سعد، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت عمار بن یاسر اور حضرت بلالؓ سے اس مضمون کی روایات کتب حدیث میں منقول ہوئی ہیں کہ حضورؐ جمعہ کی نماز زوال کے بعد ادا فرمایا کرتے تھے (مسند احمد، بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی، ترمذی)۔

یہ امر بھی آپ کے عمل سے ثابت ہے کہ اس روز آپ ظہر کی نماز کے بجائے جمعہ کی نماز پڑھاتے تھے، اس نماز کی صرف دو رکعتیں ہوتی تھیں، اور اس سے پہلے آپ خطبہ ارشاد فرماتے تھے۔ یہ فرق جمعہ کی نماز اور عام دنوں کی نماز ظہر میں تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں صلوٰۃ المسافر رکعتان، وصلوٰۃ

الفجر رکعتان، وصلوٰۃ الجمعہ رکعتان، تمام غیر قصرٍ علیٰ لسان نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم و انما قصرت الجمعہ لاجل الخطبہ (احکام القرآن للجصاص)۔ "تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے حکم کی رو سے مسافر کی نماز دو رکعت ہے، فجر کی نماز دو رکعت ہے، اور جمعہ کی نماز دو رکعت ہے۔ یہ پوری نماز ہے، قصر نہیں ہے۔ اور جمعہ کو خطبہ کی خاطر ہی مختصر کیا گیا ہے"۔

جس اذان کا یہاں ذکر ہے اس سے مراد وہ اذان ہے جو خطبہ سے پہلے دی جاتی ہے، نہ کہ وہ اذان جو خطبہ سے کافی دیر پہلے لوگوں کو یہ اطلاع دینے لیے دی جاتی ہے کہ جمعہ کا وقت شروع ہو چکا ہے۔ حدیث میں حضرت سائبؓ بن یزید کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں صرف ایک ہی اذان ہوتی تھے، اور وہ امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد دی جاتی تھی۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں بھی یہی عمل ہوتا رہا۔ پھر حضرت عثمانؓ کے دور میں جب آبادی بڑھ گئی تو انہوں نے پہلے ایک اور اذان دلوانی شروع کر دی جو مدینے کے بازار میں ان کے مکان زَوراء پر دی جاتی تھی (بخاری، ابو داوٗد، نسائی، طبرانی)۔

***15 In this command remembrance implies the Friday sermon, for the first thing that the Prophet (peace be upon him) used to do after the call was to deliver the sermon, and he always led the Prayer after delivering the sermon. Abu Hurairah has reported that the Prophet (peace be upon him) said: The angels on Friday go on writing down the names of the people as they arrive. Then, when the Imam comes out to deliver the sermon, they stop writing the names and turn their attention to the remembrance (i.e. the sermon). (Musnad Ahmad, Bukhari, Muslim, Abu Daud, Tirmidhi, Nasai). This Hadith also shows that the remembrance implies the sermon. The exhortation of the Quran itself points to the same thing. First, it says: Hasten**

**to the remembrance of Allah; then a little below it says: Then, when the Prayer is over, disperse in the land. This shows that on Friday the order of the service is that first there is the remembrance of Allah and then the Prayer. The commentators also agree that remembrance either implies the sermon, or the sermon and the Prayer both.**

**Using the word *dhikr-Allah* for the sermon by itself gives the meaning that it should contain themes relevant to the remembrance of Allah. For instance, praising and glorifying Allah, imploring Him to bless His Messenger (peace be upon him), exhorting and instructing the audience to obey His commands and follow His Shariah, commending His pious and righteous servants, etc. On this very basis, Zamakhshari writes in al-kashshaf: Praising the wicked and tyrannical rules in the Friday Sermon, or mentioning their names and praying for them, has nothing to do with the remembrance of Allah; this would be the remembrance of Satan.**

**Hasten to the remembrance of Allah does not mean that one should come to the mosque running, but it means that one should make haste for it. The commentators also agree on this very meaning. Hastening, according to them means that on hearing the call one should immediately start making preparations to attend the mosque. The Hadith even forbids coming to the mosque for the Prayer running. Abu Hurairah has reported that the Prophet (peace be upon him) said: When the Prayer has begun, one should come walking to it with calm and dignity, and not running. Then, one should join in whatever remains of the Prayer,**

**and should make up whatever he has missed independently later. In Sihah Sittah, Abu Qatadah Ansari says: Once we were offering the Prayer under the leadership of the Prophet (peace be upon him) when suddenly we heard some people coming to join the Prayer running. When the Prayer was concluded, the Prophet (peace be upon him) asked: What was the noise about. They replied; We came running for the Prayer. The Prophet (peace be upon him) said; Don't do that, whenever you come for the Prayer, come with calm and dignity. Join behind the Imam in whatever remains of the Prayer, and make up whatever you have missed independently. (Bukhari, Muslim). Leave off your trading also includes every other worldly activity and business which prevents one from getting ready for the Prayer with full attention and care. Buying and selling has been particularly forbidden, for commerce flourishes on Fridays. People from the surrounding areas gather together at a central place, the merchants also arrive with their merchandise, and the people become occupied in buying the necessities of daily use. The prohibition however is not restricted only to buying and selling, but it applies to all other occupations as well. And since Allah has forbidden these, jurists of Islam agree that after the call has been sounded for the Friday Prayer all forms of trade, business and worldly occupation become forbidden.**

**This command absolutely confirms the obligatory nature of the Friday Prayer. In the first place, the exhortation to hasten for it after one has heard the call is by itself a proof of its being obligatory. Then, the prohibition of a lawful**

**thing like trade and business at the time of the Prayer also shows that it is obligatory in nature. Moreover, the elimination of the obligatory Zuhr Prayer on Friday and its being replaced by the Friday Prayer is a clear proof that it is obligatory in nature. For, an obligatory duty becomes eliminated only when the duty replacing it is more important. This very thing has been supported in many Ahadith in which the Prophet (peace be upon him) exhorted the Muslims in most emphatic words to attend the Friday Prayer and has declared it in clear words to be obligatory. Abdullah bin Masud has reported that the Prophet (peace be upon him) said: I feel I should ask somebody to stand in my place to lead the Prayer, and I myself should go and set fire to the houses of the people who do not come for the Prayer. (Musnad Ahmad, Bukhari). Abu Hurairah, Abdullah bin Abbas and Abdullah bin Umar say: We heard the Prophet (peace be upon him) say this in the Friday Sermon: The people should refrain from giving up the Friday Prayer; otherwise Allah will seal up hearts and they will become totally heedless. (Musnad Ahmad, Muslim, Nasai). From the traditions reported by Abu al-Jad Damri, Jabir bin Abdullah and Abdullah bin Abi Aufa from the Holy Prophet one comes to know that Allah seals up the heart of the person who abandons three Friday Prayers, one after the other, without a genuine reason and lawful excuse. Rather, in one tradition the words are to the effect: Allah turns the heart of such a one into the heart of a hypocrite. (Musnad Ahmad, Abu Daud, Nasai, Tirmidhi Ibn Majah**

**Darimi, Hakim, Ibn Hibban, Bazzar, Tabarani in al-Kabir. Hadrat Jabir bin Abdullah says that the Prophet said: From today till Resurrection the Friday Prayer is obligatory on you. Allah will neither bless nor set right the condition of the one who abandons it disregarding it or considering it an ordinary thing. Note it well: the Prayer of such a one will be no prayer at all, his zakat will be no zakat at all, his Hajj no Hajj, his fasting no fasting, and no good done by him will be good, until he repents. Then, for the one who repents, Allah is Most Forgiving. (Ibn Majah, Bazzar). Another tradition, which is very close in meaning to this has been cited by Tabarani in Auset from Ibn Umar. Furthermore, there are many traditions in which the Prophet (peace be upon him) has declared the Friday Prayer as obligatory in clear words. Abdullah bin Amr bin al-Aas has related that the Prophet (peace be upon him) said: The Friday Prayer is obligatory on every person who hears the call to it. (Abu Daud Daraqutni). Jabir bin Abdullah and Abu Saeed Khudri say that he said in a Sermon: Know that Allah has enjoined the Friday Prayer as a duty on you. (Baihaqi). However, He has exempted the women, children, slaves, the sick and the travelers from this duty. Hafsah has reported that the Prophet said: Attendance at the Friday Prayer is obligatory on every adult male. (Nasai). Tariq bin Shihab's tradition contains this saying of the Prophet (peace be upon him): The Friday congregational Prayer is obligatory on every Muslim except the slave, women, children and the sick. (Abu Daud, Hakim). In the tradition of Jabir bin Abdullah, his words**

are to the effect: Friday Prayer is obligatory on the person who believes in Allah and the Last Day unless it is a woman, or a traveler, or a slave, or a sick man. (Daraqutni, Baihaqi). On account of these very exhortations of the Quran and the Hadith the entire Ummah is agreed that the Friday congregational Prayer is of obligatory nature.

15*اس حکم میں ذکر سے مراد خطبہ ہے، کیونکہ اذان کے بعد پہلا عمل جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے وہ نماز نہیں بلکہ خطبہ تھا، اور نماز آپ ہمیشہ خطبہ کے بعد ادا فرماتے تھے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے روز ملائکہ ہر آنے والے کا نام اس کی آمد کی ترتیب کے ساتھ لکھتے جاتے ہیں۔ پھر: اذا خرج الامام حضرت الملٰئکہ یستمعون الذکر۔ جب امام خطبہ دینے کے لیے نکلتا ہے تو وہ نام لکھنے بند کر دیتے ہیں اور ذکر (یعنی خطبہ) سننے میں لگ جاتے ہیں"(مسند احمد، بخاری، مسلم، ابو داؤد، ترمذی، نسائی)۔ اس حدیث سے بھی معلوم ہو کہ ذکر سے مراد خطبہ ہے۔ خود قرآن کا بیان بھی اسی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ پہلے فرمایا: فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ۔ "خدا کے ذکر کی طرف دوڑو"۔ پھر آگے چل کر فرمایا: فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ"۔ جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ"۔ اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے روز عمل کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے ذکر اللہ اور پھر نماز۔ مفسرین کا بھی اس پر اتفاق ہے کہ ذکر سے مراد یا تو خطبہ ہے یا پھر خطبہ اور نماز دونوں۔

خطبہ کے لیے "ذکر اللہ" کا لفظ استعمال کرنا خود یہ معنی رکھتا ہے کہ اس میں وہ مضامین ہونے چاہییں جو اللہ کی یاد سے مناسبت رکھتے ہوں۔ مثلاً اللہ کی حمد و ثنا، اس کے رسولؐ پر درود صلوۃ، اس کے احکام اور اس کی شریعت کے مطابق عمل کی تعلیم و تلقین، اس سے ڈرنے والے نیک بندوں کی تعریف وغیرہ، اسی بنا پر زمخشری نے کشاف میں لکھا ہے کہ خطبہ میں ظالم حکمرانوں کی مدح و ثنا یا ان کا نام لینا اور ان کے لیے دعا کرنا، ذکر اللہ سے کوئی دور کی مناسبت بھی نہیں رکھتا۔ بلکہ یہ تو ذکر الشیطان ہے۔

''اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو''۔ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بھاگتے ہوئے آؤ، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جلدی سے جلدی وہاں پہنچنے کی کوشش کرو۔ اردو زبان میں بھی ہم دوڑ دھوپ کرنا، بھاگ دوڑ کرنا، سرگرم کوشش کے معنی میں بولتے ہیں، نہ کہ بھاگنے کے معنی میں، اسی طرح عربی میں بھی سعی کے معنی بھاگنے ہی کے نہیں ہیں۔ قرآن میں اکثر مقامات پر سعی کا لفظ کوشش اور جدوجہد کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ مثلاً: لَيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى۔ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا۔ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ۔ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا۔ مفسرین نے بھی بالاتفاق اس کو اہتمام کے معنی میں لیا ہے، ان کے نزدیک سعی یہ ہے کہ آدمی اذان کی آواز سن کر فوراً مسجد پہنچنے کی فکر میں لگ جائے۔اور معاملہ صرف اتنا ہی نہیں ہے۔ حدیث میں بھاگ کر نماز کے لیے آنے کی صاف ممانعت وارد ہوئی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ''جب نماز کھڑی ہو تو اس کی طرف سکون و وقار کے ساتھ چل کر آؤ۔ بھاگتے ہوئے نہ آؤ، پھر جتنی نماز بھی مل جائے اس میں شامل ہو جاؤ، اور جتنی چھوٹ جائے اسے بعد میں پورا کر لو''۔ (صحاح ستہ)۔ حضرت ابوقتادہ انصاریؓ فرماتے ہیں، ایک مرتبہ ہم حضورؐ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے کہ یکایک لوگوں کے بھاگ بھاگ کر چلنے کی آواز آئی۔ نماز ختم کرنے کے بعد حضورؐ نے ان لوگوں سے پوچھا یہ کیسی آواز تھی؟ ان لوگوں نے عرض کیا۔ ہم نماز میں شامل ہونے کے لیے بھاگ کر آرہے تھے۔ فرمایا ''ایسا نہ کیا کرو، نماز کے لیے جب بھی آؤ پورے سکون کے ساتھ آؤ۔ جتنی مل جائے اس کو امام کے ساتھ پڑھ لو، جتنی چھوٹ جائے وہ بعد میں پوری کر لو'' (بخاری، مسلم)

''خرید و فروخت چھوڑ دو'' کا مطلب صرف خرید و فروخت ہی چھوڑنا نہیں ہے، بلکہ نماز کے لیے جانے کی فکر اور اہتمام کے سوا ہر دوسری مصروفیت چھوڑ دینا ہے، بیع کا ذکر خاص طور پر صرف اس لیے کیا گیا ہے کہ جمعہ کے روز تجارت خوب چمکتی تھی، آس پاس کی بستیوں کے لوگ سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو جاتے تھے، تاجر بھی اپنا مال لے لے کر وہاں پہنچ جاتے تھے۔ لوگ بھی اپنی ضرورت کی چیزیں خریدنے میں لگ جاتے تھے۔ لیکن ممانعت کا حکم صرف بیع تک محدود نہیں ہے، بلکہ دوسرے تمام مشاغل بھی اس کے تحت آجاتے

ہیں، اورچونکہ اللہ تعالیٰ نے صاف صاف ان سے منع فرما دیا ہے، اس لیے فقہاء اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ جمعہ کی اذان کے بعد بیع اور ہر قسم کا کاروبار حرام ہے۔

یہ حکم قطعی طور پر نماز جمعہ کے فرض ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اول تو اذان سنتے ہی اس کے لیے دوڑنے کی تاکید بجائے خود اس کی دلیل ہے۔ پھر بیع جیسی حلال چیز کا اس کی خاطر حرام ہو جانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ فرض ہے۔ مزید برآں ظہر کی فرض نماز کا جمعہ کے روز ساقط ہو جانا اور نماز جمعہ کا اس کی جگہ لے لینا بھی اس کی فرضیت کا صریح ثبوت ہے۔ کیونکہ ایک فرض اسی وقت ساقط ہوتا ہے جبکہ اس کی جگہ لینے والا فرض اس سے زیادہ اہم ہو۔ اسی کی تائید بکثرت احادیث کرتی ہیں، جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کی سخت ترین تاکید کی ہے اور اسے صاف الفاظ میں فرض قرار دیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا ''میرا جی چاہتا ہے کہ کسی اور شخص کو اپنی جگہ نماز پڑھانے کے لیے کھڑا کر دوں اور جا کر ان لوگوں کے گھر جلا دوں جو جمعہ کی نماز پڑھنے کے لیے نہیں آتے''۔ (مسند احمد، بخاری) حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ ہم نے جمعہ کے خطبہ میں حضورؐ کو یہ فرماتے سنا ہے: ''لوگوں کو چاہیے کہ جمعہ چھوڑنے سے باز آ جائیں، ورنہ اللہ ان کے دلوں پر ٹھپہ لگا دے گا اور وہ غافل ہو کر رہ جائیں گے''۔ (مسند احمد، مسلم، نسائی) حضرت ابو الجعدؓ ضمری، حضرت جابرؓ بن عبداللہ اور حضرت عبداللہؓ بن ابی اوفٰی کی روایات میں حضورؐ کے جو ارشادات منقول ہوئے ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص کسی حقیقی ضرورت اور جائز عذر کے بغیر، محض بے پروائی کی بنا پر مسلسل تین جمعے چھوڑ دے، اللہ اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے''۔ بلکہ ایک روایت میں تو الفاظ یہ ہیں کہ ''اللہ اس کے دل کو منافق کا دل بنا دیتا ہے'' (مسند احمد، ابو داؤد نسائی، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی، حاکم، ابن حبان، بزاز، طبرانی فی الکبیر) حضرت جابر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا ''آج سے لے کر قیامت تک جمعہ تم لوگوں پر فرض ہے۔ جو شخص اسے ایک معمولی چیز سمجھ کر یا اس کا حق نہ مان کر اسے چھوڑے، خدا اس کا حال درست نہ کرے، نہ اسے برکت دے۔ خوب سن رکھو، اس کی نماز نماز نہیں، اس کی زکوٰۃ زکوٰۃ نہیں، اس کا حج حج نہیں،

اس کا روزہ روزہ نہیں، اس کی کوئی نیکی نیکی نہیں جب تک کہ وہ توبہ نہ کرلے اللہ اسے معاف فرمانے والا ہے "۔ (ابن ماجہ، بزار) اسی سے قریب المعنیٰ ایک روایت طبرانی نے اَوسط میں ابن عمرؓ سے نقل کی ہے۔ علاوہ بریں بکثرت روایات ہیں جن میں حضورؐ نے جمعہ کو بالفاظ صریح فرض اور حق واجب قرار دیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا "جمعہ ہر اس شخص پر فرض ہے جو اس کی اذان سنے " (ابو داوٗد، دار قطنی) جابرؓ بن عبد اللہ اور ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں کہ آپؐ نے خطبہ میں فرمایا۔" جان لو کہ اللہ نے تم پر نماز جمعہ فرض کی ہے "۔(بیہقی) البتہ آپ نے عورت، بچے غلام، مریض اور مسافر کو اس فرضیت سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ حضرت حفصہ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا۔" جمعہ کے لیے نکلنا ہر بالغ پر واجب ہے " (نسائی)۔ حضرت طارق بن شہاب کی روایت میں آپ کا ارشاد یہ ہے کہ " جمعہ ہر مسلمان پر جماعت کے ساتھ پڑھنا واجب ہے۔ سوائے غلام، عورت، بچے، اور مریض کے " (ابو داوٗد، حاکم) حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت میں آپ کے الفاظ یہ ہیں: " جو شخص اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو، اس پر جمعہ فرض ہے۔ الاّ یہ کہ عورت ہو یا مسافر ہو، یا غلام ہو، یا مریض ہو" (دار قطنی، بیہقی) قرآن و حدیث کی ان ہی تصریحات کی وجہ سے جمعہ کی فرضیت پر پوری امت کا اجماع ہے۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَ ابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾

پھر جب پوری ہو جائے نماز تو پھیل جاؤ زمین میں اور تلاش کرو اللہ کا فضل *16 اور ذکر کرتے رہو اللہ کا کثرت سے *17 تا کہ تمہیں فلاح نصیب ہو۔ *18

10. Then, when the prayer is concluded, then disperse in the land and seek of Allah's bounty, *16 and remember Allah much, *17 that you may achieve success. *18

*16 This does not mean that after the Friday is over, it is obligatory to go in search of livelihood, but it only implies

**permission. As it was ordered to stop all worldly business as soon as the call was made for the Prayer, so it is allowed that after the Prayer is over, the people may dispose and resume or pursue whatever occupation or business they may like. It is just like the prohibition of hunting in the state of ihram, but after ihram is put off, one is told to hunt. (Surah Al-Maidah, Ayat 2). That does not mean that one must hunt, but that one may hunt if one so likes. Or, for instance, in Surah An-Nisa, permission to marry more than one wife has been given, saying: Marry two or three or four women whom you choose. Here, although the verb is in the imperative mood, no one has taken it in the meaning of a command. This gives the principle that the imperative form of the verb does not always imply an obligation or command. It sometimes implies the permission and sometimes exercise of choice or preference. The context determines where it implies the command, where the permission and where Allah's approval of the act, and not that the act is obligatory. Immediately after this very sentence itself, it has been said: And remember Allah much. Here also the verb is in the imperative mood, but obviously it implies exercise of one's choice and not that it is a duty or compulsion.**

**Here, another thing worthy of mention is that although in the Quran, Friday has not been declared a public holiday like the Jewish Sabbath and the Christian Sunday, yet no one can deny that Friday is a symbol of the Muslim community precisely in the same way as Saturday is a Jewish and Sunday a Christian symbol. And if declaring a**

**day in the week a public holiday be a cultural necessity, then just as the Jews naturally select Saturday for it and the Christians Sunday, so a Muslim (if he has any Islamic feeling) will necessarily select only Friday for this purpose. The Christians did not even hesitate to impose their Sunday on some other countries where Christian population was negligible. When the Jews established their state in Palestine, the first thing they did was to announce Saturday as the weekly holiday instead of Sunday. In pre-partitioned India one conspicuous distinction between British India and the Muslim states was that in one part of the country Sunday was observed as a closed holiday and in the other Friday. However, where the Muslims lack Islamic values, they hold to Sunday even after attaining to sovereign power as we see in Pakistan. In case of excessive westernization, Friday is replaced by Sunday as the weekly holiday as was done by Mustafa Kamal in Turkey.**

16*اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جمعہ کی نماز کے بعد زمین میں پھیل جانا اور تلاش رزق کی دوڑ دھوپ میں لگ جانا ضروری ہے۔ بلکہ یہ ارشاد اجازت کے معنی میں ہے۔چونکہ جمعہ کی اذان سن کر سب کاروبار چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا تھا اس لیے فرمایا گیا کہ نماز ختم ہو جانے بعد تمہیں اجازت ہے کہ منتشر ہو جاؤ اور اپنے جو کاروبار بھی کرنا چاہو کرو، یہ ایسا ہی ہے جیسے حالت اِحرام میں شکار کی ممانعت کرنے کے بعد فرمایا : فَاِذَا حَلَلۡتُمۡ فَاصۡطَادُوۡ (الماعدہ۔2) ’’جب احرام کھول چکو تو شکار کرو‘‘ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ احرام کھولنے کے بعد ضرور شکار کرو، بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کے بعد شکار پر کوئی پابندی باقی نہیں رہتی۔ چاہو تو شکار کر سکتے ہو۔ یا مثلاً سورہ نساء میں ایک سے زائد نکاح کی اجازت فَانۡكِحُوۡا مَا طَابَ لَكُمۡ کے الفاظ میں دی گئی ہے۔ یہاں اگرچہ فَانۡكِحُوۡا بصیغۂ امر ہے۔ مگر کسی نے بھی اس کو حکم کے معنی میں نہیں لیا

ہے۔ اس سے یہ اصولی مسئلہ نکلتا ہے کہ صیغۂ امر ہمیشہ وجوب ہی کے معنی میں نہیں ہوتا بلکہ کبھی یہ اجازت اور کبھی استحباب کے معنی میں بھی ہوتا ہے۔ یہ بات قرائن سے معلوم ہوتی ہے کہ کہاں یہ حکم کے معنی میں ہے اور کہاں اجازت کے معنی میں اور کہاں اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ اللہ کو ایسا کرنا پسند ہے لیکن یہ مراد نہیں ہوتی کہ یہ فعل فرض و واجب ہے۔ خود اسی فقرے کے بعد متصلاً دوسرے ہی فقرے میں ارشاد ہوا ہے وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا۔ "اللہ کو کثرت سے یاد کرو"۔ یہاں بھی صیغۂ امر موجود ہے، مگر ظاہر ہے کہ یہ استحباب کے معنی میں ہے نہ کہ وجوب کے معنی میں۔

اس مقام پر یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اگرچہ قرآن میں یہودیوں کے سبت اور عیسائیوں کے اتوار کی طرح جمعہ کو عام تعطیل کا دن قرار نہیں دیا گیا ہے لیکن اس امر سے کوئی شخص بھی انکار نہیں کر سکتا کہ جمعہ ٹھیک اسی طرح مسلمانوں کا شعار ملت ہے جس طرح ہفتہ اور اتوار یہودیوں اور عیسائیوں کے شعار ملت ہیں۔ اور اگر ہفتہ میں کوئی ایک دن عام تعطیل کے لیے مقرر کرنا ایک تمدنی ضرورت ہو تو جس طرح یہودی اس کے لیے فطری طور پر ہفتے کو اور عیسائی اتوار کو منتخب کرتے ہیں اسی طرح مسلمان (اگر اس کی فطرت میں کچھ اسلامی حِس موجود ہو) لازماً اس غرض کے لیے جمعہ ہی کو منتخب کرے گا، بلکہ عیسائیوں نے تو دوسرے ایسے ملکوں پر بھی اپنے اتوار کو مسلط کرنے میں تامل نہ کیا جہاں عیسائی آبادی آٹے میں نمک کے برابر بھی نہ تھی یہودیوں نے جب فلسطین میں اپنی اسرائیلی ریاست قائم کی تو اولین کام جو انھوں نے کیا وہ یہ تھا کہ اتوار کے بجائے ہفتہ کو چھٹی کا دن مقرر کیا۔ قبل تقسیم کے ہندوستان میں برطانوی ہند اور مسلمان ریاستوں کے درمیان نمایاں فرق یہ نظر آتا تھا کہ ملک کے ایک حصے میں اتوار کی چھٹی ہوتی تھی اور دوسرے حصے میں جمعہ کی۔ البتہ جہاں مسلمانوں کے اندر اسلامی حِس موجود نہیں ہوتی وہاں وہ اپنے ہاتھ میں اقتدار آنے کے بعد بھی اتوار ہی کو سینے سے لگائے رہتے ہیں جیسا کہ ہم پاکستان میں دیکھ رہے ہیں۔ بلکہ اس سے زیادہ جب بے حسی طاری ہوتی ہے تو جمعہ کی چھٹی منسوخ کر کے اتوار کی چھٹی رائج کی جاتی ہے، جیساکہ مصطفیٰ کمال نے ترکی میں کیا۔

***17 Remember Allah much: Do not forget Allah even when you are otherwise occupied, but remember Him under all circumstances and remain conscious of Him at all times.**

(For explanation, see E.N. 63 of Surah Al-Ahzab).

*17 یعنی اپنے کاروبار میں لگ کر بھی اللہ کو بھولو نہیں، بلکہ ہر حال میں اس کو یاد رکھو اور اس کا ذکر کرتے رہو (تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورہ احزاب، حاشیہ 63)۔

*18 At several places in the Quran, after giving an instruction or an admonition or a command words to the effect: "perhaps you achieve success" or "perhaps you may be shown mercy" have been used. The use of "perhaps" on such occasions does not mean that Allah, God forbid, is entertaining a doubt, but it is in fact a royal style of address. It is just like a kindly master's giving out hope to his servants to continue doing their best so that they may achieve and win the desired goal and reward, It contains a subtle promise which fills the servant with hope and he carries out his duties and obligations with enthusiasm.

As the commands pertaining to the Friday congregational prayer come to an end here, it would be useful to give a resume of the injunctions that the four schools of juristic thought have derived from the Quran, the Hadih, traditions of the companions of the Prophet (peace be upon him) and the general principles of Islam.

According to the Hanafi school of thought, the time for the Friday Prayer is the same as for Zuhr Prayer. The Friday Prayer can neither be held before it nor after it. Business and trade become forbidden with the first call to the Prayer and not with the second call which is made after the Imam has taken his place on the pulpit, for the words of the Quran in this regard are explicit and definite. Therefore, whichever call is made for the Friday Prayer after the

**declining of the sun when the Prayer time begins, the people should stop conducting business on hearing it. However, if a person has made a bargain at that time, it will not be void, but will only be a sin. The Friday Prayer cannot be held in every settlement but only in the misr-Jami which has been defined as a large town or city where there are market places, adequate security arrangements, and which has large enough population so that if all the people upon whom attendance at the Friday Prayer is obligatory gather together, they should be too many for the principal mosque to hold. The people who live outside the city will have to offer the Prayer in the city only in case the call to the Prayer reaches them, or if they live within six miles of the city. The Prayer may not necessarily be held in the mosque, it may also be held in the open field and also on a ground which is outside the city but a part of it. The Friday Prayer can be validly held only in a place where any and every person may come to attend it without any hindrance. It will not be valid if it is held in a restricted place where every person is not allowed to join in no matter how many people may gather together. For the Prayer to be valid there should at least be three men (according to Imam Abu Hanifah beside the imam, or two men including the imam (according to imams Abu Yusuf and Mohammad), upon whom it is obligatory to attend the Friday Prayer. A person will be exempt from the Prayer if he is on a journey, or is so ill that he cannot walk to attend it, or is disabled of both the legs, or is blind (but according to Imam Abu Yusuf and Imam Muhammad, a blind person**

will be exempt from the Prayer duty only in case he does not find a man who can take him along for the Prayer), or he apprehends a danger to his life and honor, or an unbearable financial loss from a tyrant, or it is raining heavily and there is slush and rainwater on the way, or he is a prisoner. For the prisoner and the disabled, it is undesirable that they should perform the Zuhr Prayer on Friday in congregation. For those also who have missed the Friday Prayer it is undesirable to perform the Zuhr Prayer collectively, The sermon is one of the pre-requisites of the Friday Prayer to be valid, for the Prophet (peace be upon him) never performed the Friday Prayer without the sermon. The sermon must necessarily precede the prayer, and there should be two sermons. From the time the Imam steps towards the pulpit for the sermon, every kind of speech becomes forbidden till he brings it to an end; no prayer may be performed during it, whether one can hear the imam at the place where one is sitting or not. (Hedayah, Al-Fath ul-Qadir; al-Jassas: Ahkam al-Quran; Al-Fiqh alai-Madhahib al-Arbah; Umdat al-Qari).

According to the Shafeis, the time of the Friday Prayer is the same as of the Zuhr Prayer. Trade and business become forbidden and hastening to the remembrance of Allah becomes obligatory from the time the second call is sounded, i.e. the call which is sounded after the imam has taken his place on the pulpit. However, if a person carries out a transaction at this time, it does not become void. The Friday Prayer can be held in every such settlement among the permanent residents of which there are 40 such men

upon whom it is incumbent to perform the Prayer. Attendance at the Friday Prayer is obligatory for those people of the suburbs whom the call may reach. The Friday service must be held within the bounds of the settlement, but it may not necessarily be held in the mosque. Thus, it is not obligatory for nomadic peoples who live in tents in the desert. For the Prayer to be valid there should at least be 40 such men including the imam in the congregation upon whom the Prayer is incumbent. A person would be exempt from the Prayer if he is on a journey, or intends to stay at a place for four or less than four days provided that the journey is lawful, or he is old or sick and cannot go to attend the Prayer even by a conveyance, or is blind and does not find a man who can take him along for the Prayer, or apprehends danger to life or property or honor, or is a prisoner provided that this imprisonment has not been caused by his own crime. There should be two sermons before the Prayer. Although it is according to the sunnah to sit quiet during the sermon, yet speech is not forbidden. For the person who is sitting close to the imam so that he can hear the sermon, speech is disapproved, but he can respond to a greeting, and can recite prayer on the Prophet (peace be upon him) aloud when he hears his name being mentioned. (Mughni al-Muhtaj Al-Fiqh alal-Madhahib al-Arbah).

According to the Malikis, the Friday Prayer time begins from the declining of the sun and lasts till such time in the evening that the sermon and the Prayer can be concluded before sunset. Business transactions become forbidden and

**hastening becomes obligatory with the second call. If a transaction takes place after it, it would be void and sinful. The Friday Prayer can be held in the settlements, residents of which live in permanent houses and do not migrate in the summer or the winter, and whose needs and requirements are met in the same settlements, and who can defend themselves on the basis of their strength. In temporary dwelling places the Friday Prayer cannot be established even though many people may be staying there and staying for long periods. Attendance at the Prayer is obligatory for the people who live within three miles of the settlement where the Prayer is held. The Prayer can be held only in the mosque, which is inside the settlement or adjoining it, and the building of which is not inferior to the houses of the common residents of the place. Some Malikis have also imposed the condition that the mosque should be roofed, and arrangements for offering collective Prayer five times daily should also exist in it. However, the better known view of the Malikis is that for the Prayer to be valid the mosque's being roofed is no pre-requisite. The Friday Prayer can also be held in a mosque which has been built only for the Friday Prayer and no arrangements exist in it for the five daily Prayers. For the Prayer to be valid there must at least be 12 other men, apart from the imam, in the congregation upon whom the Friday Prayer is incumbent. A person would be exempt from it if he is on a journey, or intends to stay for less than four days at a place during the journey, or is so ill that he cannot come to the mosque, or has an ailing mother or father, or wife, or child, or he is**

**nursing a stranger who has nobody else to nurse him, or has a close relative who is seriously ill, or at the point of death, or apprehends an unbearable loss to property, or a danger to his life or honor, or is hiding from fear of imprisonment or punishment, provided that he is a wronged and oppressed person, or it is raining heavily and there is slush and rainwater on the way, or the weather is oppressive due to excessive heat or cold. The Prayer has to be preceded by two sermons; so much so that if the sermon is given after the Prayer, the Prayer has to be repeated, and the sermons must necessarily be delivered inside the mosque. It is forbidden to offer a voluntary Prayer after the imam has stepped towards the pulpit, and to talk when the sermon has begun, even if one is not hearing it, However, if the imam indulges in meaningless and absurd things in the sermon, or uses abusive language for a person who does not deserve it, or starts praising a person for whom praise is unlawful, or starts reciting something irrelevant to the sermon, the people have the right to protest. Furthermore, it is reprehensible that a prayer be made in the sermon for the temporal ruler, unless the imam apprehends danger to his life. The imam must necessarily be the same person who leads the Prayer; if another person than the one who gave the sermon led the Prayer it would be void. (Hashiyah ad-Dusuqi ila-sh-Sharh al-Kabir, Ibn Arabi, Ahkam al-Quran; Al-Fiqh alal-Madhahib al-Arba'h).**

**According to the Hanbalis, the Friday Prayer time begins when the sun has risen about a spear's length high and lasts**

till the beginning of the Asr Prayer time in the afternoon, but performing the Prayer before the declining of the sun is just permissible but after it obligatory and meritorious. Business transactions become forbidden and hastening to the Prayer becomes obligatory with the second call, A transaction contracted after it has no effect in the law. The Prayer can be held only at a place where 40 men on whom the Friday Prayer is incumbent have permanently settled in houses (and not in tents) and are not nomadic tribesmen. For this purpose, it will not make any difference if the houses of the settlement or its different parts are scattered or compact; if their combination is called by one name, it will be one settlement even if its different parts are miles apart. Attendance at the Prayer will be obligatory for the people who live within three miles of the settlement. The congregation should consist of 40 men including the imam. The Prayer may not necessarily be performed in the mosque; it may be performed in the open as well. A person will be exempt from it if he is on a journey and intend to stay in the settlement for four or less than four days, or is so ill that he cannot come to the mosque even by a conveyance, or is blind unless he can grope his way to the mosque; (it is not obligatory for the blind man to come for the Prayer with another man's help), or he is prevented by extreme weather or heavy rain or slush and rainwater, or he is hiding to escape persecution or apprehends danger to life or honor, or fears an unbearable financial loss, The Prayer should be preceded by two sermons. The person who is sitting so close to the imam that he can hear him, is

forbidden speech; however, the one sitting far away, who cannot hear the sermon, can speak. The people have to sit quiet during the sermon whether the person delivering the sermon is a just man or an unjust man. If Eid falls on a Friday, the people who have performed the Eid Prayer will be exempt from the Friday Prayer. In this matter, the viewpoint of the Hanbalis is different from that of the other three Imams. (Ghayat al-Muntaha; Al-Fiqh alal-Madhahib al-Arbah),

All jurists agree that if the person upon whom the Friday Prayer is not incumbent, joins in the Prayer, his Prayer would be valid, and he would be absolved from the Zuhr Prayer.

18*قرآن مجید میں متعدد مقامات پر ایک ہدایت یا نصیحت یا ایک حکم دینے کے بعد لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ (شائدکہ تم فلاح پا جاؤ) اور لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ (شاید کہ تم پر رحم کیا جائے ) کے الفاظ ارشاد فرمائے گئے ہیں۔ اس طرح کے مواقع پر شاید کا لفظ استعمال کرنے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ کو معاذ اللہ کوئی شک لاحق ہے، بلکہ یہ دراصل شاہانہ انداز بیان ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی مہربان آقا اپنے ملازم سے کہے کہ تم فلاں خدمت انجام دو، شاید کہ تمہیں ترقی مل جائے۔ اس میں ایک لطیف وعدہ پوشیدہ ہوتا ہے جس کی امید میں ملازم دل لگا کر بڑے شوق کے ساتھ وہ خدمت انجام دیتا ہے۔ کسی بادشاہ کی زبان سے کسی ملازم کے لیے یہ فقرہ نکل جائے تو اس کے گھر خوشی کے شادیانے بج جاتے ہیں۔

یہاں چونکہ جمعہ کے احکام ختم ہو گئے ہیں، اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مذاہب اربعہ میں قرآن، حدیث، آثار صحابہ، اور اسلام کے اصول عامہ سے جو احکام جمعہ مرتب کیے گئے ہیں ان کا خلاصہ دے دیا جائے۔

حنفیہ کے نزدیک جمعہ کا وقت وہی ہے جو ظہر کا وقت ہے۔ نہ اس سے پہلے جمعہ ہو سکتا ہے، نہ اس کے

بعد۔ بیع کی حرمت پہلی اذان ہی سے شروع ہو جاتی ہے ، نہ کہ اس دوسری اذان سے جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد دی جاتی ہے ، کیونکہ قرآن میں اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ کے الفاظ مطلقاً ارشاد ہوئے ہیں ۔ اس لیے زوال کے بعد جب جمعہ کا وقت شروع ہو جائے اس وقت جو اذان بھی نماز جمعہ کے لیے دی جائے ، لوگوں کو اسے سن کر خرید و فروخت چھوڑ دینی چاہیے ۔ لیکن اگر کسی شخص نے اس وقت خرید و فروخت کر لی ہو تو وہ بیع فاسد یا فسخ نہ ہو جائے گی، بلکہ یہ صرف ایک گناہ ہو گا۔ جمعہ ہر بستی میں نہیں بلکہ صرف مصر جامع میں ہو سکتا ہے ، اور مصر جامع کی معتبر تعریف یہ کہ وہ شہر جس میں بازار ہوں، قیام امن کا انتظام موجود ہو، اور آبادی اتنی ہو کہ اگر اس کی بڑی سے بڑی مسجد میں بھی نماز جمعہ کے مکلف سب لوگ جمع ہو جائیں تو اس میں سما نہ سکیں ۔ جو لوگ شہر سے باہر رہتے ہوں ان پر جمعہ اس صورت میں شہر آ کر پڑھنا فرض ہے جبکہ ان تک اذان کی آواز پہنچتی ہو، یا وہ زیادہ سے زیادہ شہر سے 6 میل کے فاصلے پر ہوں ۔ نماز کے لیے ضروری نہیں کہ وہ مسجد ہی میں ہو ۔ وہ کھلے میدان میں بھی ہو سکتی ہے اور ایسے میدان میں بھی ہو سکتی ہے جو شہر کے باہر ہو مگر اس کا ایک حصہ شمار ہوتا ہو، نماز جمعہ صرف اس جگہ ہو سکتی ہے جہاں ہر شخص کے لیے شریک ہونے کا اذنِ عام ہو ۔ کسی بند جگہ، جہاں ہر ایک کو آنے کی اجازت نہ ہو، خواہ کتنے ہی آدمی جمع ہو جائیں، جمعہ صحیح نہیں ہو سکتا ۔ صحت جمعہ کے لیے ضروری ہے کہ جماعت میں کم از کم (بقول ابو حنیفہؒ) امام کے سوا تین آدمی، یا (بقول ابو یوسفؒ و محمدؒ) امام سمیت دو آدمی ایسے موجود ہوں جن پر جمعہ فرض ہے ۔ جن عذرات کی بنا پر ایک شخص سے جمعہ ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں : آدمی حالت سفر میں ہی، یا ایسا بیمار ہو کہ چل کر نہ آ سکتا ہو، یا دونوں ٹانگوں سے معذور ہو، یا اندھا ہو (مگر امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک اندھے پر سے صرف اس وقت جمعہ کی فرضیت ساقط ہوتی ہے جبکہ وہ کوئی ایسا آدمی نہ پاتا ہو جو اسے چلا کر لے جائے ) یا کسی ظالم سے اس کو جان اور آبرو کا، یا ناقابل برداشت مالی نقصان کا خطرہ ہو، یا سخت بارش اور کیچڑ پانی ہو، یا آدمی قید کی حالت میں ہو ۔ قیدیوں اور معذوروں کے لیے یہ بات مکروہ ہے کہ وہ جمعہ کے روز ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھیں ۔ جن لوگوں کا جمعہ چھوٹ گیا ہو ان کے لیے بھی ظہر کی نماز جماعت سے پڑھنا مکروہ ہے ۔ خطبہ صحت جمعہ کی شرائط میں سے ایک شرط ہے ، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی جمعہ کی نماز خطبہ کے بغیر نہیں

پڑھی ہے، اور وہ لازماً نماز سے پہلے ہونا چاہیے، اور دو خطبے ہونے چاہییں۔ خطبہ کے لیے جب امام منبر کی طرف جائے، اس وقت سے اختتام خطبہ تک ہر قسم کی بات چیت ممنوع ہے، اور نماز بھی اس وقت نہیں پڑھنی چاہیے، خواہ امام کی آواز اس مقام تک پہنچتی ہو یا نہ پہنچتی ہو جہاں کوئی شخص بیٹھا ہو (ہدایہ، فتح القدیر، احکام القرآن للجصاص، الفقہ علی المذاہب الاربعہ، عمدۃ القاری)۔

شافعیہ کے نزدیک جمعہ کا وقت وہی ہے جو ظہر کا ہے۔ بیع کی حرمت اور سعی کا وجوب اس وقت سے شروع ہوتا ہے جب دوسری اذان ہو (یعنی وہ اذان جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد دی جاتی ہے)۔ تاہم اگر کوئی شخص اس وقت بیع کرے تو وہ فسخ نہیں ہوتی۔ جمعہ ہر اس بستی میں ہو سکتا ہے جس کے مستقل باشندوں میں 40 ایسے آدمی موجود ہوں جن پر نماز جمعہ فرض ہے۔ بستی سے باہر کے اُن لوگوں پر جمعہ کے لیے حاضر ہونا لازم ہے جن تک اذان کی آواز پہنچ سکتی ہو۔ جمعہ لازماً بستی کے حدود میں ہونا چاہیے مگر یہ ضروری نہیں کہ وہ مسجد ہی میں پڑھا جائے۔ جو لوگ صحرا میں خیموں کے اندر رہتے ہوں ان پر جمعہ واجب نہیں ہے۔ صحت جمعہ کے لیے ضروری ہے کہ جماعت میں امام سمیت کم از کم 40 ایسے آدمی شریک ہوں جن پر جمعہ فرض ہے۔ جن عذرات کی بنا پر کسی شخص سے جمعہ کا فرض ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں: سفر کی حالت میں ہو، یا کسی مقام پر چار دن یا اس سے کم قیام کا ارادہ رکھتا ہو، بشرطیکہ سفر جائز نوعیت کا ہو۔ ایسا بوڑھا یا مریض ہو کہ سواری پر بھی جمعہ کے لیے نہ جا سکتا ہو۔ اندھا ہو اور کوئی ایسا آدمی نہ پاتا ہو جو اسے نماز کے لیے لے جائے۔ جان یا مال یا آبرو کا خوف لاحق ہو۔ قید کی حالت میں ہو، بشرطیکہ اس کی قید اس کے اپنے کسی قصور کی وجہ سے نہ ہو۔ نماز سے پہلے دو خطبے ہونے چاہییں۔ خطبے کے دوران میں خاموش رہنا مسنون ہے، مگر بات کرنا حرام نہیں ہے۔ جو شخص امام سے اتنا قریب بیٹھا ہو کہ خطبہ سن سکتا ہو اس کے لیے بولنا مکروہ ہے، لیکن وہ سلام کا جواب دے سکتا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر سن کر بآواز بلند درود پڑھ سکتا ہے (مغنی المحتاج۔ الفقہ علی المذاہب الاربعہ)۔

مالکیہ کے نزدیک جمعہ کا وقت زوال سے شروع ہو کر مغرب سے اتنے پہلے تک ہے کہ سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے خطبہ اور نماز ختم ہو جائے۔ بیع کی حرمت اور سعی کا وجوب دوسری اذان سے شروع ہوتا

ہے۔ اس کے بعد اگر بیع واقع ہو تو وہ فاسد ہے اور فسخ ہوگی۔ جمعہ صرف ان بستیوں میں ہو سکتا ہے جن کے باشندے وہاں مستقل طور پر گھر بنا کر رہتے ہوں، اور جاڑے گرمی میں منتقل نہ ہوتے ہوں، اور ان کی ضروریات اسی بستی میں فراہم ہوتی ہوں، اور اپنی تعداد کی بنا پر وہ اپنی حفاظت کر سکتے ہوں۔ عارضی قیام گاہوں میں خواہ کتنے ہی لوگ ہوں اور خواہ وہ کتنی ہی مدت ٹھیریں، جمعہ قائم نہیں کیا جا سکتا۔ جس بستی میں جمعہ قائم کیا جاتا ہو اس سے تین میل کے فاصلے تک رہنے والے لوگوں پر جمعہ میں حاضر ہونا فرض ہے۔ نماز جمعہ صرف ایسی مسجد میں ہو سکتی ہے جو بستی کے اندر یا اس سے متصل ہو اور جس کی عمارت بستی کے عام باشندوں کے گھروں سے کم تر درجے کی نہ ہو۔ بعض مالکیوں نے یہ شرط بھی لگائی ہے کہ مسجد مُسَقَّفُ ہونی چاہیے اور اس میں پنجوقتہ نماز کا بھی اہتمام ہونا چاہیے۔ لیکن مالکیہ کا راجح مسلک یہ ہے کہ کسی مسجد میں صحت جمعہ کے لیے اس کا مُسَقَّفُ ہونا شرط نہیں ہے، اور ایسی مسجد میں بھی جمعہ ہو سکتا ہے جو صرف نماز جمعہ کے لیے بنائی گئی ہو اور پنجوقتہ نماز کا اس میں اہتمام نہ ہو۔ جمعہ کی نماز صحیح ہونے کے لیے جماعت میں امام کے سوا کم از کم 12 ایسے آدمیوں کا موجود ہونا ضروری ہے جن پر جمعہ فرض ہو۔ جن عذرات کی بنا پر کسی شخص پر سے جمعہ کا فرض ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں: سفر کی حالت میں ہو یا بحالت سفر کسی جگہ چار دن سے کم قیام کا ارادہ رکھتا ہو۔ ایسا مریض ہو کہ مسجد آنا اس کے لیے دشوار ہو۔ اس کی ماں یا باپ یا بیوی یا بچہ بیمار ہو، یا وہ کسی ایسے اجنبی مریض کی تیمار داری کر رہا ہو جس کا اور کوئی تیمار دار نہ ہو، یا اس کا کوئی قریبی رشتہ دار سخت بیماری میں مبتلا ہو یا مرنے کے قریب ہو۔ اس کے ایسے مال کو جس کا نقصان قابل برداشت نہ ہو خطرہ لاحق ہو، یا اسے اپنی جان یا آبرو کا خطرہ ہو، یا وہ مار یا قید کے خوف سے چھپا ہوا ہو بشرطیکہ وہ اس معاملہ میں مظلوم ہو۔ سخت بارش اور کیچڑ پانی یا سخت گرمی یا سردی مسجد تک پہنچنے میں مانع ہو۔ دو خطبے نماز سے پہلے لازم ہیں، حتیٰ کہ اگر نماز کے بعد خطبہ ہو تو نماز کا اعادہ ضروری ہے۔ اور یہ خطبے لازماً مسجد کے اندر ہونے چاہییں خطبے کے لیے جب امام منبر کی طرف آواز نہ سن رہا ہو۔ لیکن اگر خطیب اپنے خطبے میں ایسی لغو باتیں کرے جو نظام خطبہ سے خارج ہوں، یا کسی ایسے شخص کو گالیاں دے جو گالی کا مستحق نہ ہو، یا کسی ایسے شخص کی تعریفیں شروع کر دے جس کی تعریف جائز نہ ہو، یا خطبہ سے غیر متعلق کوئی چیز پڑھنے لگے، تو لوگوں کو اس پر احتجاج کرنے کا حق ہے۔ نیز خطبہ

میں بادشاہ وقت کے لیے دعا مکروہ ہے اِلاّ یہ کہ خطیب کو اپنی جان کا خطرہ ہو۔ خطیب لازماً وہی شخص ہونا چاہیے جو نماز پڑھائے۔ اگر خطیب کے سوا کسی اور نے نماز پڑھائی ہو تو وہ باطل ہو گی (حاشیہ الدسوقی علی الشرح الکبیر۔ احکام القرآن ابن عربی۔ الفقہ علی المذاہب الاربعہ)۔

حنابلہ کے نزدیک جمعہ کی نماز کا وقت صبح کو سورج کے بقدر یک نیزہ بلند ہونے کے بعد سے عصر کا وقت شروع ہونے تک ہے۔ لیکن زوال سے پہلے جمعہ صرف جائز ہے، اور زوال کے بعد واجب اور افضل۔ بیع کی حرمت اور سعی کے وجوب کا وقت دوسری اذان سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے بعد جو بیع ہو وہ سرے سے منعقد ہی نہیں ہوتی۔ جمعہ صرف اس جگہ ہو سکتا ہے جہاں 40 ایسے آدمی جن پر جمعہ فرض ہو، مستقل طور پر گھروں میں (نہ کہ خیموں میں) آباد ہوں، یعنی جاڑے اور گرمی میں منتقل نہ ہوتے ہوں۔ اس غرض کے لیے بستی کے گھروں اور محلوں کے باہم متصل یا متفرق ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ان سب کے مجموعہ کا نام ایک ہو تو وہ ایک ہی بستی ہے خواہ اس کے ٹکڑے ایک دوسرے سے میلوں کے فاصلے پر واقع ہوں۔ ایسی بستی سے جو لوگ تین میل کے اندر رہتے ہوں ان پر جمعہ کے لیے حاضر ہونا فرض ہے۔ جماعت میں امام سمیت 40 آدمیوں کی شرکت ضروری ہے۔ نماز کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ مسجد ہی میں ہو۔ کھلے میدان میں بھی ہو سکتی ہے۔ جن عذرات کی بنا پر کسی شخص سے جمعہ کا فرض ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں: مسافر ہو اور جمعہ کی بستی میں چار دن یا اس سے کم قیام کا ارادہ رکھتا ہو۔ ایسا مریض ہو کہ سواری پر آنا بھی اس کے لیے مشکل ہو۔ اندھا ہو، اِلاّ یہ کہ خود راستہ ٹٹول کر آسکتا ہو۔ کسی دوسرے شخص کے سہارے آنا اندھے کے لیے واجب نہیں ہے۔ سخت سردی یا سخت گرمی یا سخت بارش اور کیچڑ نماز کی جگہ پہنچنے میں مانع ہو۔ کسی ظالم کی ظلم سے بچنے کے لیے چھپا ہوا ہو۔ جان یا آبرو کا خطرہ یا ایسے مالی نقصان کا خوف ہو جو قابل برداشت نہ ہو۔ نماز سے پہلے دو خطبے ہونے چاہییں۔ خطبے کے دوران میں اس شخص کے لیے بولنا حرام ہے جو خطیب سے اتنا قریب ہو کہ اس کی آواز سن سکتا ہو۔ البتہ دور کا آدمی جس تک خطیب کی آواز نہ پہنچتی ہو، بات کر سکتا ہے۔ خطیب خواہ عادل ہو یا غیر عادل، لوگوں کو خطبہ کے دوران میں چپ رہنا چاہیے۔ اگر جمعہ کے روز عید ہو جائے تو جو لوگ عید پڑھ چکے ہوں ان پر سے جمعہ کا فرض ساقط ہے۔ اس مسئلے میں حنابلہ کا

مسلک ائمہ ثلاثہ کے مسلک سے مختلف ہے (غایۃ المنتہیٰ۔ الفقہ علی المذاہب الاربعہ)۔
اس امر میں تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ جس شخص پر جمعہ فرض نہیں ہے وہ اگر نماز جمعہ میں شریک ہو جائے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اس کے لیے پھر ظہر پڑھنا فرض نہیں رہتا۔

وَ اِذَا رَاَوۡا تِجَارَۃً اَوۡ لَهۡوَا ۨانۡفَضُّوۡۤا اِلَیۡهَا وَ تَرَکُوۡكَ قَآئِمًا ؕ قُلۡ مَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَیۡرٌ مِّنَ اللَّهۡوِ وَ مِنَ التِّجَارَۃِ ؕ وَ اللّٰهُ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ ﴿۱۱﴾

اور جب وہ دیکھتے ہیں تجارت یا کھیل تماشا تو لپک جاتے ہیں اسکی طرف اور چھوڑ دیتے ہیں تمہیں کھڑا۔*19 کہدو کہ جو چیز اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے کھیل تماشے اور تجارت سے*20 اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔*21

11. And when they see a merchandise or an amusement, they rush to it and leave you standing. *19 Say: "That which is with Allah is better than amusement and merchandise. *20 And Allah is the best of providers." *21

*19 This is the incident because of which the commandments pertaining to the Friday congregational Prayer have been enjoined in the preceding verses. Its narrative as related in the collections of Hadith, on the authority of Jabir bin Abdullah, Abdullah bin Abbas, Abu Hurairah, Abu Malik, and Hasan Basri, lbn Zaid, Qatadah and Muqatil bin Hayyan is as follows: A trade caravan from Syria arrived in Al-Madinah right at the time of the Friday Prayer and its people started playing their drums to announce their arrival. The Prophet (peace be upon him) at that time was delivering the sermon, Hearing the drum the people in the congregation became impatient and rushed

**out towards Baqi where the caravan had halted, except for 12 men. The most authentic tradition in this narrative is of Jabir bin Abdullah, which has been related by Imam Ahmad, Bukhari, Muslim, Tirmidhi, Abu Uwanah, Abd bin Humaid, Abu Yala and others through reliable channels. The only diversity is that in some traditions it is stated that the incident took place when the Prayer was in progress; in others that it happened when the Prophet was delivering the sermon. However, what appears to be correct when the tradition of Jabir and those of others are read together is that it happened during the sermon. Where Jabir says that it happened during the Friday Prayer, he in fact has used the word Friday Prayer for the combination of the sermon and the Prayer. According to the tradition of Abdullah bin Abbas, seven women had remained behind with 12 men. (Ibn Marduyah). Qatadah says that one woman remained with 12 men, (lbn Jarir, Ibn Abi Hatim). According to the tradition of Daraqutni 40 individuals remained, of Abd bin Humaid 7 individuals and of Farra 8 individuals. But all these are weak traditions. The tradition of Qatadah that such a thing happened thrice is also weak. (Ibn Jarir). The authentic tradition in this regard is of Jabir, according to which the number of those who remained behind is stated to be 12. Apart from one tradition of Qatadah, all traditions of the other companions and their followers agree that this happened only once. When read together different traditions about those who remained behind show that they included Abu Bakr, Umar, Uthman, AIi, Abdullah bin Masud, Ammar bin Yasir,**

**Salim (slave of Hudhaifah) and Jabir bin Abdullah. The tradition related by Hafiz Abu Yala from Jabir bin Abdullah says that when the people rushed out like that and only 12 companions were left behind, the Prophet (peace be upon him) addressed them, saying: By Him in Whose hand is my life, if all of you had left, and none had remained behind, this valley would have overflowed with fire. A theme resembling this has been cited by Ibn Marduyah from Abdullah bin Abbas and by Ibn Jarir from Qatadah.**

**The Shiite scholars have used this incident also for taunting and finding fault with the companions. They say that abandoning the sermon and the Prayer by such a large number of the companions for the sake of worldly gain and amusement is a proof that they preferred the world to the Hereafter. But this is a misplaced objection that can be raised only if one keeps his eyes closed to realities. As a matter of fact, this incident took place just after the migration. At that time, on the one hand, the collective training of the companions was in the initial stages, and on the other, the disbelievers of Makkah had subjected the people of Al-Madinah to a strict economic blockade because of which necessities of life had become scarce in the city. Hasan Basri says that the people at time were starving and the prices had risen abnormally high. (Ibn Jarir). Under such conditions when a trade caravan arrived, the people rushed out to buy things of daily need lest these were sold out before the Prayer was concluded. This was a weakness and error which became suddenly manifest due**

to insufficient training and severity of the conditions. But whoever sees the sacrifices made by the companions for the cause of Islam afterwards and sees what piety and righteousness they displayed in the matter of worship and dedication and dealings can never dare bring against them the allegation that they preferred the world to the Hereafter unless he himself bears malice against the companions.

However, just as this incident does not support the critics of the companions of the Prophet (peace be upon him), so it also does not support the ideas of those people who cherish exaggerated notions about them and claim that they never committed any error, or if they committed some, it should not be mentioned, for making mention of their error and calling it an error is derogatory and it reduces one's reverence and respect for them, and its mention goes against the verses of the Quran and the Hadith, which state that the companions are Allah's favorite people and have already been forgiven all their errors and mistakes. All this is exaggeration for which there is no basis in the Quran and the Hadith. Here, everyone can see for himself that Allah Himself has mentioned the error that happened to have been committed by a large number of the companions, in the Book that will be read by the entire ummah till Resurrection, and in the same Book which speaks of their having been forgiven and being chosen people of Allah. Then in the books of the Hadith and commentary also details of this error have been described by all scholars, from the companions to the major scholars among the

**followers of the Sunnah. Does it mean that Allah has made this mention in order to destroy the reverence for the same companions whose reverence and esteem He wants to instill in all our hearts? And does it mean that the companions and their followers and the traditionists and commentators have mentioned these details of this incident because they were unaware of the religious aspect of the matter which these zealots show and describe? And have the people who read Surah Al-Jumuah and study its commentary really lost reverence and esteem for the companions from their hearts? If the answer to each of these questions is in the negative, and it is surely in the negative, then all those exaggerated ideas and notions, which some people express and show in regard to the reverence of the Prophet's (peace be upon him) companions, are erroneous.**

**The truth is that the companions of the Prophet (peace be upon him) were not supernormal beings: they were only human born in this very world. Whatever they attained, they attained through the persistent training imparted by the Prophet (peace be upon him) over many years. The method of this training as we learn from the Quran and the Hadith was; Whenever a weakness appeared in them, Allah and His Messenger (peace be upon him) turned immediate attention to it, and a program of education and training was established to overcome and eradicate it. In the matter of this very Friday Prayer, we see that when the incident of the trade caravan occurred, Allah sent down this section of the verses of Surah Al-Jumuah to administer warning and teach the etiquette of the Friday Service. Along with this**

the Prophet (peace be upon him) impressed on the people the importance of the obligatory nature of the service continuously in his sermons as explained in E.N. 15 above. All these instructions are found in the Hadith in clear words. Abu Saeed Khudri says that the Prophet (peace be upon him) said: Every Muslim must have full bath on Friday, should clean his teeth, put on the best available clothes, and use perfume if possible. (Musnad Ahmad Bukhari, Muslim, Abu Daud, Nasai). Salman Farsi says that the Prophet (peace be upon him) said: The Muslim who has bath on Friday, cleans and purifies himself as far as possible, applies oil to his hair, or uses perfume if available, and comes to the mosque and takes his place without disturbing others, then offers the (voluntary) Prayer that Allah has destined for him, then listens quietly when the imam speaks, he will have his sins and errors committed since the previous Friday forgiven. (Bukhari, Musnad Ahmad). Traditions containing almost the same theme have been reported by Abu Ayub Anati, Abu Hurairah and Nubaishat alHudhali also from the Prophet (peace be upon him). (Musnad Ahmad, Bukhari, Muslim, Abu Daud, Tirmidhi, Tabarani). Abdullah bin Abbas says that the Prophet said: The person who speaks when the imam is delivering the sermon is like the donkey loaded with books, and the person who tells him to keep quiet has also rendered his own Prayer void. (Musnad Ahmad). Abu Huraira says that the Prophet (peace be upon him) said: If on Friday during the sermon you said to a person, keep quiet, you too behaved wrong. (Bukhari, Muslim, Nasai,

**Tirmidhi, Abu Daud). Traditions closely resembling this have been related by Imam Ahmad, Abu Daud and Tabarani from Ali and Abu ad-Darda. To the person delivering the sermon also the Prophet (peace be upon him) instructed that he should not deliver a lengthy sermon to try the people's patience. His own practice on Friday was that he gave brief sermons and led short Prayers. Jabir bin Samurah says that the Prophet (peace be upon him) would never give a lengthy sermon, he was always very brief. (Abu Daud). Abdullah bin Abi Aufa says: The Prophet's (peace be upon him) sermon used to be shorter than the Prayer, and the Prayer a little longer than the sermon. (Nasai). According to Ammar bin Yasir, the Prophet (peace be upon him) said: The prolongation of the Prayer and the brevity of the sermon are a sign that the Imam has deep insight in religion. (Musnad Ahmad, Muslim). Almost the same theme Bazzar has related from Abdullah bin Masud. All this shows how the Prophet (peace be upon him) taught the people the etiquette of the Friday congregational service till it began to be performed in the unique manner unknown in the congregational worship of any other people in the world.**

**19*** یہ ہے وہ واقعہ جس کی وجہ سے اوپر کی آیات میں جمعہ کے احکام ارشاد فرمائے گئے ہیں۔اس کا قصہ جو کتب حدیث میں حضرت جابر بن عبداللہ، حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت ابو ہریرہ، حضرت ابو مالک، اور حضرات حسن بصری، ابن زید، قتادہ، اور مقاتل بن حیان سے منقول ہوا ہے، یہ ہے کہ مدینہ طیبہ میں شام سے ایک تجارتی قافلہ عین نماز جمعہ کے وقت آیا اور اس نے ڈھول تاشے بجانے شروع کیے تاکہ بستی کے لوگوں کو اس کی آمد کی اطلاع ہو جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ ڈھول

تاشوں کی آوازیں سن کر لوگ بے چین ہو گئے اور 12 آدمیوں کے سوا باقی سب بقیع کی طرف دوڑ گئے جہاں قافلہ اترا ہوا تھا۔ اس قصے کی روایات میں سب سے زیادہ معتبر روایت حضرت جابر بن عبداللہ کی ہے جسے امام احمد، بخاری، مسلم، ترمذی، ابو عوانہ، عبد بن حمید، ابویعلیٰ وغیرہم نے متعدد سندوں سے نقل کیا ہے۔ اس میں اضطراب صرف یہ ہے کہ کسی روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ واقعہ نماز کی حالت میں پیش آیا تھا، اور کسی میں یہ ہے کہ یہ اس وقت پیش آیا جب حضور خطبہ دے رہے تھے۔ لیکن حضرت جابر اور دوسرے صحابہ و تابعین کی تمام روایات کو جمع کرنے سے صحیح بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ دوران خطبہ کا واقعہ ہے اور حضرت جابرؓ نے جہاں یہ کہا ہے کہ یہ نماز جمعہ کے دوران میں پیش آیا، وہاں در اصل انہوں نے خطبے اور نماز کے مجموعہ پر نماز جمعہ کا اطلاق کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ اس وقت 12 مردوں کے ساتھ ایک عورت تھی (ابن جریر۔ ابن ابی حاتم)۔ دار قطنی کی ایک روایت میں 40 افراد اور عبد بن حمید کی روایت میں 7 نفر بیان کیے گئے ہیں۔ اور فرّاء نے 8 نفر لکھے ہیں۔

لیکن یہ سب ضعیف روایات ہیں۔ اور قتادہ کی یہ روایت بھی ضعیف ہے کہ اس طرح کا واقعہ تین مرتبہ پیش آیا تھا (ابن جریر)۔ معتبر روایت حضرت جابر بن عبداللہ کی ہے جس میں باقی رہ جانے والوں کی تعداد 12 بتائی گئی ہے۔ اور قتادہ کی ایک روایت کے سوا باقی تمام صحابہ و تابعین کی روایات اس پر متفق ہیں کہ یہ واقعہ صرف ایک مرتبہ پیش آیا۔ باقی رہ جانے والوں کے متعلق مختلف روایت کو جمع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عمارؓ بن یاسر، حضرت سالمؓ مولیٰ حسیفہ، اور حضرت جابرؓ بن عبداللہ شامل تھے۔ حافظ ابویعلیٰ نے حضرت جابر بن عبداللہ کی جو روایت نقل کی ہے اس میں بیان کیا گیا ہے کہ جب لوگ اس طرح نکل کر چلے گئے اور صرف بارہ اصحاب باقی رہ گئے تو ان کو خطاب کر کے حضور نے فرمایا والذی نفسی بیدہٖ لتتابعتم حتی لم یبق منکم احد لسال بکم الوادی نارا۔ اگر تم سب چلے جاتے اور ایک بھی باقی نہ رہتا تو یہ وادی آگ سے بہ نکلتی"۔ اسی سے ملتا جلتا مضمون ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن عباس سے اور ابن جریر نے قتادہ سے نقل

کیا ہے۔

شیعہ حضرات نے اس واقعہ کو بھی صحابہؓ پر طعن کرنے کے لیے استعمال کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ صحابہ کی اتنی بڑی تعداد کا خطبے اور نماز کو چھوڑ کر تجارت اور کھیل تماشے کی طرف دوڑ جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتے تھے۔ لیکن یہ ایک سخت بے جا اعتراض ہے جو صرف حقائق سے آنکھیں بند کر کے ہی کیا جا سکتا ہے۔ دراصل یہ واقعہ ہجرت کے بعد قریبی زمانے ہی میں پیش آیا تھا۔ اس وقت ایک طرف تو صحابہ کی اجتماعی تربیت ابتدائی مراحل میں تھی۔ اور دوسری طرف کفار مکہ نے اپنے اثر سے مدینہ طیبہ کے باشندوں کی سخت معاشی ناکہ بندی کر رکھی تھی جس کی وجہ سے مدینے میں اشیائے ضرورت کمیاب ہو گئی تھیں۔ حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ اس وقت مدینے میں لوگ بھوکوں مر رہے تھے اور قیمتیں بہت چڑھی ہوئی تھیں (ابن جریر)۔ اس حالت میں جب ایک تجارتی قافلہ آیا تو لوگ اس اندیشے سے کہ کہیں ہمارے نماز سے فارغ ہوتے ہوتے سامان فروخت نہ ہو جائے، گھبرا کر اس کی طرف دوڑ گئے۔ یہ ایک ایسی کمزوری اور غلطی تھی جو اس وقت اچانک تربیت کی کمی اور حالات کی سختی کے باعث رونما ہو گئی تھی۔ لیکن جو شخص بھی ان صحابہ کی وہ قربانیاں دیکھے گا جو اس کے بعد انہوں نے اسلام کے لیے کیں، اور یہ دیکھے گا کہ عبادات اور معاملات میں ان کی زندگیاں کیسے زبردست تقویٰ کی شہادت دیتی ہیں، وہ ہرگز یہ الزام رکھنے کی جرأت نہ کر سکے گا کہ ان کے اندر دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کا کوئی مرض پایا جاتا تھا، اِلّا یہ کہ اس کے اپنے دل میں صحابہ سے بغض کا مرض پایا جاتا ہو۔

تاہم یہ واقعہ جس طرح صحابہؓ کے معترضین کی تائید نہیں کرتا اسی طرح ان لوگوں کے خیالات کی تائید بھی نہیں کرتا جو صحابہ کی عقیدت میں غلو کر کے اس طرح کے دعوے کرتے ہیں کہ ان سے کبھی کوئی غلطی سرزد نہیں ہوئی، یا ہوئی بھی ہو تو اس کا ذکر نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ ان کی غلطی کا ذکر کرنا اور اسے غلطی کہنا ان کی توہین ہے، اور اس سے ان کی عزت و وقعت دلوں میں باقی نہیں رہتی، اور اس کا ذکر ان آیات و احادیث کے خلاف ہے جن میں صحابہ کے مغفور اور مقبول بارگاہ الٰہی ہونے کی تصریح کی گئی ہے۔ یہ ساری باتیں سراسر مبالغہ ہیں جن کے لیے قرآن و حدیث میں کوئی سند موجود نہیں ہے۔ یہاں ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ

نے خود اس غلطی کا ذکر کیا ہے جو صحابہؓ کی ایک کثیر تعداد سے صادر ہوئی تھی۔ اسی کتاب میں کیا ہے جسے قیامت تک ساری امت کو پڑھنا ہے۔ اور اسی کتاب میں کیا ہے جس میں ان کے مغفور اور مقبول بارگاہ ہونے کی تصریح کی گئی ہے۔ پھر حدیث و تفسیر کی تمام کتابوں میں صحابہ سے لے کر بعد کے اکابر اہل سنت تک نے اس غلطی کی تفصیلات بیان کی ہیں۔ کیا اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ذکر انہی صحابہ کی وقعت دلوں سے نکالنے کے لیے کیا ہے جن کی وقعت وہ خود دلوں میں قائم فرمانا چاہتا ہے؟ اور کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ صحابہؓ اور تابعین اور محدثین و مفسرین نے اس قصے کی ساری تفصیلات اس شرعی مسئلے سے ناواقفیت کی بناء پر بیان کر دی ہیں جو یہ غالی حضرات بیان کیا کرتے ہیں؟ اور کیا فی الواقع سورہ جمعہ پڑھنے والے اور اس کی تفسیر کا مطالعہ کرنے والے لوگوں کے دلوں سے صحابہ کی وقعت نکل گئی ہے؟ اگر ان میں سے ہر سوال کا جواب نفی میں ہے، اور یقیناً نفی میں ہے، تو وہ سب بے جا اور مبالغہ آمیز باتیں غلط ہیں جو احترام صحابہ کے نام سے بعض لوگ کیا کرتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ صحابہ کرام کوئی آسمانی مخلوق نہ تھے بلکہ اسی زمین پر پیدا ہونے والے انسانوں میں سے تھے۔ وہ جو کچھ بھی بنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت سے بنے۔ یہ تربیت بتدریج سالہا سال تک ان کو دی گئی۔ اس کا جو طریقہ قرآن و حدیث میں ہم کو نظر آتا ہے وہ یہ ہے کہ جب کبھی ان کے اندر کسی کمزوری کا ظہور ہوا، اللہ اور اس کے رسولؐ نے بر وقت اس کی طرف توجہ فرمائی، اور فوراً اس خاص پہلو میں تعلیم و تربیت کا ایک پروگرام شروع ہو گیا جس میں وہ کمزوری پائی گئی تھی۔ اسی نماز جمعہ کے معاملے میں ہم دیکھتے ہیں کہ جب قافلہ تجارت والا واقعہ پیش آیا تو اللہ تعالیٰ نے سورہ جمعہ کا یہ رکوع نازل فرما کر اس پر تنبیہ کی اور جمعہ کے آداب بتائے۔ پھر اس کے ساتھ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلسل اپنے خطبات مبارکہ میں فرضیت جمعہ کی اہمیت لوگوں کے ذہن نشین فرمائی، جس کا ذکر ہم حاشیہ 15 میں کر آئے ہیں، اور تفصیل کے ساتھ ان کو آداب جمعہ کی تعلیم دی۔ چنانچہ احادیث میں یہ ساری ہدایات ہم کو بڑی واضح صورت میں ملتی ہیں۔

حضرت ابو سعیدؓ خدری کا بیان ہے کہ حضورؐ نے فرمایا ہر مسلمان کو جمعہ کے روز غسل کرنا چاہیے، دانت صاف کرنے چاہییں، جو اچھے کپڑے اس کو میسر ہوں پہننے چاہییں، اور اگر خوشبو میسر ہو تو لگانی چاہیے (مسند احمد، بخاری، مسلم، ابو داؤد، نسائی)۔ حضرت سلمان فارسیؓ کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا جو مسلمان جمعہ کے روز غسل کرے اور حتی الامکان زیادہ اپنے آپ کو پاک صاف کرے، سر میں تیل لگائے یا جو خوشبو گھر میں موجود ہو وہ لگائے، پھر مسجد جائے اور دو آدمیوں کو ہٹا کر ان کے بیچ میں نہ گھسے، پھر جتنی کچھ اللہ توفیق دے اتنی نماز (نفل) پڑھے، پھر جب امام بولے تو خاموش رہے، اس کے قصور ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک معاف ہو جاتے ہیں (بخاری، مسند احمد)۔ قریب قریب اسی مضمون کی روایات حضرت ابو ایوب انصاریؓ، حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت نبیشہ نے بھی حضور سے نقل کی ہیں (مسند احمد، بخاری، مسلم، ابو داؤد، ترمذی، طبرانی)۔

حضرت عبداللہ بن عباس کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا جب امام خطبہ دے رہا ہو اس وقت جو شخص بات کرے وہ اس گدھے کے مانند ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں، اور جو شخص اس سے کہے کہ چپ رہ، اس کا بھی کوئی جمعہ نہیں ہوا (مسند احمد)۔ حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ حضورؐ نے فرمایا اگر تم نے جمعہ کے روز خطبہ کے دوران میں بات کرنے والے شخص سے کہا ''چپ رہ'' تو تم نے بھی لغو حرکت کی (بخاری، مسلم، نسائی ترمذی، ابو داؤد)۔ اسی سے ملتی جلتی روایات امام احمد، ابو داؤد اور طبرانی نے حضرت علیؓ اور حضرت ابو الدرداءؓ سے نقل کی ہیں۔ اس کے ساتھ آپؐ نے خطیبوں کو بھی ہدایت فرمائی کہ لمبے لمبے خطبے دے کر لوگوں کو تنگ نہ کریں۔ آپ خود جمعہ کے روز مختصر خطبہ ارشاد فرماتے اور نماز بھی زیادہ لمبی نہ پڑھاتے تھے۔ حضرت جابرؓ بن سمرہ کہتے ہیں کہ حضور طویل خطبہ نہیں دیتے تھے۔ وہ بس چند مختصر کلمات ہوتے تھے (ابو داؤد)۔ حضرت عبداللہ بن ابی ادفیٰ کہتے ہیں کہ آپؐ کا خطبہ نماز کی بہ نسبت کم ہوتا تھا اور نماز اس سے زیادہ طویل ہوتی تھی (نسائی)۔ حضرت عمارؓ بن یاسر کی روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا آدمی کی نماز کا طویل ہونا اور خطبے کا مختصر ہونا اس بات کی علامت ہے کہ وہ دین کی سمجھ رکھتا ہے (مسند احمد، مسلم)۔ تقریباً یہی مضمون بزار نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے نقل کیا ہے۔ ان باتوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضورؐ نے کس طرح لوگوں کو جمعہ کے آداب سکھائے یہاں تک کہ اس نماز کی وہ شان قائم ہوئی جس کی نظیر دنیا کی کسی قوم کی

اجتماعی عبادت میں نہیں پائی جاتی۔

*20 This sentence by itself shows what was the nature of the error committed by the companions. God forbid, if it had been due to any weakness of the faith, or due to giving the world preference over the Hereafter, Allah's wrath and displeasure and reprimand would have been much severer. But since there was no such weakness, and whatever happened was only due to insufficient training, Allah first taught the people the etiquette of the Friday service, then, after pointing out the error, promised them that the reward they would get with Allah for listening to the sermon and performing the Prayer would be much greater than worldly gains and amusements.

*20 یہ فقرہ خود بتا رہا ہے کہ صحابہ سے جو غلطی ہوئی تھی اس کی نوعیت کیا تھی۔اگر معاذ اللہ اس کی وجہ ایمان کی کمی اور آخرت پر دنیا کی دانستہ ترجیح ہوتی تو اللہ تعالیٰ کے غضب اور زجر و توبیخ کا انداز کچھ اور ہوتا۔ لیکن چونکہ ایسی کوئی خرابی وہاں نہ تھی، بلکہ جو کچھ ہوا تھا تربیت کی کمی کے باعث ہوا تھا، اس لیے پہلے معلمانہ انداز میں جمعہ کے آداب بتائے گئے، پھر اس غلطی پر گرفت کر کے مربیانہ انداز میں سمجھایا گیا کہ جمعہ کا خطبہ سننے اور اس کی نماز ادا کرنے پر جو کچھ تمہیں خدا کے ہاں ملے گا وہ اس دنیا کی تجارت اور کھیل تماشوں سے بہتر ہے۔

*21 That is, Allah is by far the best of all those providers who become a means of providing sustenance in the world, though only metaphorically. Sentences such as this have occurred at several places in the Quran, At some places Allah has been called the best of Creators, at others the best of Forgivers, the best of Rulers, the best of those who show mercy, or the best of Helpers. At all these places the

reference of providing, creating, forgiving, showing mercy and offering help to the creatures is metaphorical, and to Allah real. It means that Allah is the best Provider, Creator, Forgiver, Helper and Bestower of Mercy of all those who appear to be giving you wages and means of sustenance, or who appear to be making things by their skill and workmanship, or who seem to be pardoning the errors of others, or showing mercy and helping other in this world.

21*یعنی اس دنیا میں مجازاً جو بھی رزق رسانی کا ذریعہ بنتے ہیں ان سب سے بہتر رازق اللہ تعالیٰ ہے۔ اس طرح کے فقرے قرآن مجید میں متعدد مقامات پر آئے ہیں۔ کہیں اللہ تعالیٰ کو احسن الخالقین کہا گیا ہے، کہیں خیر الغافرین، کہیں خیر الحاکمین، کہیں خیر الراحمین، کہیں خیر الناصرین۔ ان سب مقامات پر مخلوق کی طرف رزق، تخلیق، مغفرت، رحم اور نصرت کی نسبت مجازی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف حقیقی۔ مطلب یہ ہے کہ جو لوگ بھی دنیا میں تم کو تنخواہ، اجرت یا روٹی دیتے نظر آتے ہیں، یا جو لوگ بھی اپنی صنعت و کاریگری سے کچھ بناتے نظر آتے ہیں، یا جو لوگ بھی دوسروں کے قصور معاف کرتے اور دوسروں پر رحم کھاتے اور دوسروں کی مدد کرتے نظر آتے ہیں، اللہ ان سب سے بہتر رازق، خالق، رحیم، غفور اور مدد گار ہے۔